https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | جمعۃ المبارک 26 ربیع الثانی 1448ھ 09 اکتوبر 2026ء | شمارہ:208

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور انہ حالا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، عوام کی تکلیف کا احساس ہے



مصطفیٰ محمود کی صدارت میں قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر بریفنگ دی، کمیٹی اجلاس میں پیٹرولیم قیمتوں کے بارے میں اراکین کے سوالات کیے گئے

رکن کمیٹی سید نوید قمر نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی نان ٹیکس ریونیو ہے، پیٹرولیم لیوی پر پارلیمنٹیرینز کا ووٹ نہیں ہے، پیٹرولیم لیوی ایگزیکٹو کے ہاتھ میں ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے جواب دیا کہ پیٹرولیم لیوی کے اہداف بجٹ میں مختص ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مصطفیٰ محمود کی صدارت میں قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر بریفنگ دی۔ کمیٹی اجلاس میں پیٹرولیم قیمتوں کے بارے میں اراکین کے سوالات کیے گئے، وزیر پیٹرولیم علی پرویز نے کہا کہ علاقائی کشیدگی کے باعث تیل سپلائی کا بحران ہے، کشیدگی سے پیٹرول ڈیزل اور خام تیل کی سپلائی متاثر ہوئی، دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، ہمیں معلوم ہے احساس بھی ہے کہ عوام تکلیف میں ہیں۔ رکن کمیٹی سید نوید قمر نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



ریئر ایڈمرل شاہد احمد سے بلال سعید کی خصوصی ملاقات

ملاقات کے دوران کراچی پورٹ سے یورپ، امریکا اور کینیڈا کے لیے براہِ راست شپنگ سروس کے آغاز پر گفتگو

کراچی (بزنس رپورٹر) سی ایم اے سی جی ایم پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بلال سعید نے چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ ریئر ایڈمرل شاہد احمد S.Bt،(M)SI (ریٹائرڈ) سے کے پی ٹی ہیڈ آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں کے پی ٹی اور سی ایم اے سی جی ایم کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم کرنے، بحری رابطوں کے فروغ اور پاکستان کی بین الاقوامی تجارت و برآمدات کو مزید سہولت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

چھوٹی صنعتوں کیلئے طویل المدتی قرض کی شرح 2 فیصد مقرر کرنے کا مطالبہ

فیاٹی کا گورنر اسٹیٹ بینک کو خط، خصوصی اور مستقل مالیاتی اسکیم متعارف کرانے پر زور

کراچی (این این آئی) فیڈریشن آف بلوچستان انڈسٹریل اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن (فیاٹی) نے چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں کی بحالی کیلئے طویل المدتی قرضوں کی شرح سود سالانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

جے یو آئی سندھ کے ڈویژنل اجلاس 10 اکتوبر سے شروع ہوں گے

جامعہ کراچی کے نتائج میں ردوبدل میرٹ کا قتل ہے، ایم کیو ایم پاکستان

جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام سندھ کے قائد علامہ راشد محمود سومرو نے امن عالم اجتماع کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلعی، تحصیل، ٹاؤن اور یونٹ سطح کی تنظیموں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ترجمان نے جامعہ کراچی کے شعبہ امتحانات میں ایس ایم لاء کالج اور اسلامیہ لاء کالج کے فیل طلبہ کو مبینہ طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پی ایم ڈی سی منافع قومی بخش ادارہ، نجکاری قبول نہیں: یونس ترین

حکومت جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پیداواری صلاحیت میں اضافہ پر توجہ دے: تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) ایک منافع بخش قومی ادارہ ہے اس کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں، وفاقی حکومت قومی ادارے کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیکر ادارے کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کیلئے عملی اقدامات کرے۔ ان خیالات کا اظہار پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین مین شاہرگ کے جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد یونس ترین نے ایک تقریب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات، سندھ اور بلوچستان میں بلدیاتی ضمنی انتخابات اور پنجاب میں حلقہ بندیوں کی سرگرمیوں کیلئے سرنڈر کئے گئے فنڈز کی دوبارہ تخصیص اور توثیق کیلئے 59 کروڑ 61 لاکھ 80 ہزار روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دیدی۔ ای سی سی نے اس کے علاوہ پنجاب، خیبر پختونخوا، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری اور کنٹونمنٹ بورڈز میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

بلدیاتی انتخابات: پنجاب کے پی اسلام آباد کیلئے 2 ارب روپے منظور

وزارت خزانہ کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس کو یہاں وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان،

وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وفاقی وزیر وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی سیکریٹریز اور متعلقہ وزارتوں، ڈویژنز اور ریگولیٹری اداروں کے سینئر حکام نے شرکت کی



وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی قیادت میں اسلام آباد میں اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

اسلام آباد/کراچی (علیم نواب خان) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات، سندھ اور بلوچستان میں بلدیاتی ضمنی انتخابات اور پنجاب میں حلقہ بندیوں کی سرگرمیوں کیلئے سرنڈر کئے گئے فنڈز کی دوبارہ تخصیص اور توثیق کیلئے 59 کروڑ 61 لاکھ 80 ہزار روپے کی تکنیکی ضمنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

خطے کے 48 فیصد غریب پاکستانی یومیہ آمدنی 850 روپے سے بھی کم

عالمی بینک

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں، مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک کی غربت سے متعلق حالیہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان پر مشتمل مینا پ خطے کے 48 فیصد تخریب افراد پاکستان میں رہتے ہیں۔ ان افراد کی یومیہ آمدنی خط غربت کی مقرر وحد 3 ڈالر، یعنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

انمول پنکی کو آئندہ سماعت پر عدالت میں پیش کرنے کا حکم

ویڈیو لنک کے ذریعے مقدمے کی نقول فراہم کرنا ممکن نہیں، عدالت نے سماعت 13 اکتوبر تک ملتوی کردی

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت نے ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے مقدمات کی سماعت 13 اکتوبر تک ملتوی کردی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

عوامی کالونی پولیس مقابلہ، ڈکیت ہلاک، 3 ساتھی زخمی حالت میں گرفتار

62 لاکھ روپے کی ڈکیتی کے ملزمان 24 گھنٹے میں گرفتار، اسلحہ، نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (این این آئی) عوامی کالونی کے علاقے میں پولیس مقابلے کے دوران خطرناک ڈکیت ہلاک جبکہ اس کے 3 ساتھی زخمی حالت میں گرفتار کرلیے گئے، پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سندھ حکومت 15 اکتوبر کو شنگھائی میں سرمایہ کاری کانفرنس کریگی

وزیر اعلیٰ سندھ چینی سرمایہ کاروں کو توانائی، برقی گاڑیوں، مصنوعی ذہانت اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دینگے

کراچی (این این آئی) حکومت سندھ 15 اکتوبر کو شنگھائی میں سندھ سرمایہ کاری و تجارت کانفرنس منعقد کرے گی، وزیر اعلیٰ سندھ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چینی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ناردرن بائی پاس کے قریب پولیس مقابلہ، 3 ڈاکو زخمی گرفتار

کراچی (این این آئی) منگھوپیر پولیس نے ناردرن بائی پاس ہمدرد کٹ کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد 3 ڈاکوؤں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مختلف پولیس مقابلے، ایک ڈاکو ہلاک، 5 زخمیوں سمیت 7 گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران ایک ڈاکو ہلاک جبکہ 5 زخمیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی میں فائرنگ اور حادثہ، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

کراچی (این این آئی) شہر میں فائرنگ اور ٹریفک حادثے کے مختلف واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک زخمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پاکستان نے جکارتہ ایوارڈز میں ٹیکنالوجی کی 11 عالمی کیٹیگریز نام کرلیں

پاشا کے چیئرمین ڈاکٹر شعیب اے خان، وائس چیئرمین محمد ذوہیب خان، اور اسپیشل انیشی ایٹو کے منیجر زین طارق کی خاص شرکت

یہ غیر معمولی کامیابی پاکستان کے ٹیکنالوجی سیکٹر کی مسلسل جدت، استقامت اور عالمی معیار کی صلاحیتوں کا ثبوت ہے، چیئرمین

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان کے ٹیکنالوجی سیکٹر نے AwardsAI&DigitalASOCIO 2026 میں 11 کیٹیگریز میں اعزازات حاصل کرکے عالمی سطح پر نمایاں کامیابی حاصل کی ہے، جو ایشیا اور اوشیانا کے خطے میں ڈیجیٹل تبدیلی اور مصنوعی ذہانت کے میدان میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی موجودگی کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ ایوارڈز 6 اکتوبر کو جکارتہ میں منعقد ہونے والے &SummitDigitalASOCIO AwardsAI کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



ایشین اوشیکین کمیونٹی انڈسٹری آرگنائزیشن ایوارڈ تقریب میں چیئرمین شعیب اے خان کے ہمراہ ٹیم کا 11 ایوارڈ جیتنے کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

موٹروے پولیس کے انسپکٹرز کی ترقی پر عملدرآمد نہ ہونے پر آئی جی کو شوکاز

عدالت نے پولیس کی رپورٹ دوسری بار مسترد کردی

آئی جی موٹروے کو 27 اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے موٹروے پولیس کے انسپکٹرز کو ترقی نہ دینے کے خلاف درخواست کی سماعت کے دوران عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے پر آئی جی موٹروے کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے 27 اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں پیش ہوکر وضاحت کرنے کا حکم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

کھلی کچہریاں بھی کراچی کے شہریوں کو ریلیف نہ دے سکیں، ایم پی پی

ٹوٹی سڑکیں، تباہ حال انفرااسٹرکچر اور ٹریفک کا دباؤ شہریوں کیلئے عذاب بن گیا

وفاق، سندھ حکومت اور بلدیاتی ادارے مشترکہ حکمت عملی اپنائیں

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان کی کراچی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ میئر کراچی کی کھلی کچہریاں بھی شہریوں کو موثر ریلیف فراہم کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکیں، کراچی بنیادی مسائل کے باعث مسائلستان بن چکا ہے، ٹوٹی پھوٹی سڑکیں، تباہ حال انفرااسٹرکچر، ٹکاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سندھ پولیس افسران کیلئے اثاثوں کی تفصیلات آن لائن جمع کرانا لازمی

گریڈ 17 اور اس سے اوپر کے افسران کو آمدن، جائیداد، بینک اکاؤنٹس اور سرمایہ کاری کی تفصیلات 30 اکتوبر تک جمع کرانے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سرکاری افسران کے اثاثوں اور آمدن کی چھان بین مزید سخت کرتے ہوئے اثاثوں کی تفصیلات جمع کرانے کا روایتی دستی نظام ختم کردیا گیا، اب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سرجانی ٹاؤن میں گھر سے 55 سالہ شخص کی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن کے علاقے یارو گوٹھ میں گھر سے 55 سالہ شخص کی لاش ملی، جو پراسرار طور پر جاں بحق ہوگیا۔ ایس ایچ او سرجانی ناصر محمود کے مطابق متوفی کی شناخت امین کے نام سے ہوئی، جو اہلیہ سے طلاق کے بعد گھر میں اکیلا رہائش پذیر تھا اور عارضہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کراچی کے مختلف علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، شہری پریشان

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا، متعدد علاقوں میں رات گئے کئی گھنٹے بجلی کی فراہمی معطل رہی۔ لائنز ایریا، کورنگی، اورنگی ٹاؤن، سرجانی ٹاؤن اور قائد آباد میں بجلی کی بندش کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

جامعہ کراچی میں ایک روزہ شجرکاری مہم، 400 سے زائد پودے لگادیے گئے

آئی سی سی بی ایس میں شہری جنگل کے قیام کیلئے بادام، جامن اور نیم کے پودے لگائے گئے

کراچی موسمیاتی تبدیلی سے متاثر ہونے والے شہروں میں شامل ہے، پروفیسر ڈاکٹر محمد رضا

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی مرکز برائے کیمیائی و حیاتیاتی علوم، جامعہ کراچی میں ایک روزہ شجرکاری مہم کا انعقاد کیا گیا، جس کے دوران 400 سے زائد مختلف اقسام کے پودے لگائے گئے۔ مہم کا مقصد بین الاقوامی مرکز کے احاطے میں شہری جنگل کے فروغ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سندھ کے عوام حقیقی آزادی کی جدوجہد میں کردار ادا کریں، رضوان نیازی

پی ٹی آئی رہنما کی عمران خان کی رہائی، آئین وقانون کی بالادستی اور عوامی مینڈیٹ کی بحالی کیلئے صوبائی پہنچنے کی اپیل

آئین کی بالادستی اور اپنے حقوق کیلئے صوبائی پہنچیں اور لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کریں

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رضوان نیازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی قیادت میں حقیقی آزادی کیلئے لانگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ایئرپورٹ کے قریب سادہ لباس پولیس اہلکار کی فائرنگ، مبینہ ڈاکو ہلاک

شہری سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام، 2 ساتھی فرار، پولیس نے لاش قانونی کارروائی کیلئے منتقل کردی

کراچی (این این آئی) ایئرپورٹ کے قریب | سادہ لباس پولیس اہلکار کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر سرسید یونیورسٹی کے وائس چانسلر مقرر

پروفیسر ڈاکٹر افضل حق صحت کی خرابی کے باعث ذمہ داریاں ادا کرنے سے قاصر

وہ اعلیٰ تعلیم اور انجینئرنگ کے شعبے میں وسیع تجربہ رکھنے والے ماہر تعلیم اور محقق ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے فیکلٹی آف الیکٹریکل اینڈ کمپیوٹر انجینئرنگ کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر کو نیا وائس چانسلر مقرر کردیا۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر افضل حق دماغ کی سرجری کے باعث فی الحال اپنی ذمہ داریاں انجام دینے سے قاصر ہیں، جس کے باعث پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر نے وائس چانسلر کا منصب سنبھال لیا ہے اور وہ اگلے حکم تک اس عہدے پر خدمات انجام دیں گے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر اعلیٰ تعلیم اور انجینئرنگ کے شعبے میں وسیع تجربہ رکھنے والے ماہر تعلیم اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

کراچی میں آئندہ 3 روز موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان

درجہ حرارت 33 سے 35 ڈگری تک رہنے کی پیشگوئی، 45 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے شہر | قائد میں آئندہ 3 روز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

جامعہ کراچی اور SCIENUVO کے مابین مفاہمتی یادداشت کے موقع پر نمائندوں کا لیا گیا گروپ فوٹو

خواتین کی معاشی خودمختاری پائیدار اقتصادی ترقی کیلئے ناگزیر ہے

زکریا اکبر ضیاء

ازبکستان کی چیئرپرسن محترمہ گلنورا محمودوا کی قیادت میں پاکستانی اور ازبک خواتین کاروباریوں کے درمیان تعاون کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام پر اتفاق

سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان نے پاکستان ازبکستان کے درمیان کاروباری تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر خصوصی زور دیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) انٹرنیشنل بزنس ویمنز ایسوسی ایشن (IBWA) ازبکستان کی چیئرپرسن محترمہ گلنورا محمودوا کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے جمعرات کو اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کا دورہ کیا اور پاکستان و ازبکستان کے درمیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سرجانی ٹاؤن میں گھر سے 55 سالہ شخص کی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن کے علاقے یارو گوٹھ میں گھر سے 55 سالہ شخص کی لاش ملی، جو پراسرار طور پر جاں بحق ہوگیا۔ ایس ایچ او سرجانی ناصر محمود کے مطابق متوفی کی شناخت امین کے نام سے ہوئی، جو اہلیہ سے طلاق کے بعد گھر میں اکیلا رہائش پذیر تھا اور عارضہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

نیشنل سینٹر فار برانڈ ڈیولپمنٹ کو فعال کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے، میاں زاہد حسین

میڈ ان پاکستان کو عالمی برانڈ بنانے کیلئے ہائی ٹیک صنعت کاری

کم پیداواری لاگت اور پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے، صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انڈسٹریلسٹ کنونشن فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین اور ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین میاں زاہد حسین نے نیشنل سینٹر فار برانڈ ڈیولپمنٹ کو فعال کرنے کے حکومتی فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام سے پاکستان کی برآمدات بڑھانے میں مدد مل سکتی ہے، تاہم عالمی سطح پر ''میڈ ان پاکستان'' کو مضبوط برانڈ بنانے کیلئے ٹیکنالوجی پر مبنی پیداوار، معیاری مصنوعات، قابل اعتماد رسد اور مسابقتی پیداواری لاگت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

صومالی قزاقوں سے رہا یاسین 9 ماہ کی بیٹی سے پہلی ملاقات کیلئے بے تاب

جناح اسپتال میں طبی و نفسیاتی معائنہ مکمل، صحت تسلی بخش قرار، یاسین سوات روانہ ہوگیا

کراچی (این این آئی) صومالی بحری قزاقوں کی قید سے رہائی پانے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء انٹرنیشنل بزنس ویمنز ایسوسی ایشن (IBWA) ازبکستان کی چیئرپرسن محترمہ گلنورا محمودوا سے ملاقات کے دوران گفتگو کررہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان، ایگزیکٹو ممبر محترمہ نگینہ خلیق، آئی بی ڈبلیو اے کے وفد کی دیگر اراکین اور حبیب رفیق گروپ کے چیئرمین کے مشیر خالد تیمور اکرم بھی موجود ہیں۔

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرضا ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

انتونیو گوتریس کا دورہ۔۔۔!

اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے حالیہ دورہ پاکستان اور اسلام آباد میں اُن کی اعلیٰ ترین سطح پر ہونے والی ملاقاتوں نے ایک بار پھر عالمی سفارت کاری میں پاکستان کے کلیدی اور ذمہ دارانہ کردار کو اُجاگر کیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری کی طرف سے سیکرٹری جنرل کو عالمی اَمن اور بین الاقوامی تنازعات کے حل میں اُن کی گراں قدر خدمات کے اعتراف کے طور پر ''نشانِ امتیاز'' سے نوازا جانا انتہائی خوش آئند اور بروقت اقدام ہے۔ انتونیو گوتریس نے بطور سیکرٹری جنرل اپنے طویل اور چیلنجوں سے بھرپور دور میں بڑے تدبر، غیر جانبداری اور انسانی ہمدردی کے ساتھ عالمی مسائل کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی۔ پاکستان کے حالیہ سفارتی کردار خصوصاً امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں پاکستان کی کامیاب ثالثی اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو ان کا سراہنا اِس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان خطے اور دنیا میں اَمن کا ایک قابلِ اعتماد اور فعال داعی ہے۔ انتونیو گوتریس اپنے دورِ اقتدار میں اقوامِ متحدہ کے پلیٹ فارم سے دنیا بھر میں جاری بحرانوں، جنگوں اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نبٹنے کیلئے مسلسل آواز بلند کرتے رہے۔ پاکستان میں 2022ء کے تباہ کُن سیلاب کے موقع پر اُنہوں نے پاکستان کا ذاتی طور پر دورہ کیا اور عالمی برادری سے امداد کی اپیلیں کیں جنہیں پاکستان کے عوام کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ اُنہوں نے مظلوم قوموں کی آواز بننے اور تنازعات کو ڈائیلاگ کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا، جب ہم اُن کے منصب کی میعاد کے دوران اقوامِ متحدہ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ تمام تر انفرادی کاوشوں، حسنِ نیت اور سفارتی دوڑ دھوپ کے باوجود عالمی سطح پر وہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکے جن کی توقع دنیا اقوامِ متحدہ سے رکھتی ہے۔ مذکورہ ناکامیوں یا محدود کامیابیوں کا تعلق انتونیو گوتریس کی ذات یا اُن کی صلاحیتوں سے نہیں بلکہ اقوامِ متحدہ کے اُن پانچ بڑوں کے کردار اور نظام سے ہے جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد قائم کیا گیا تھا۔ اقوامِ متحدہ میں حقیقی اور حتمی فیصلہ سازی کا اختیار سیکرٹری جنرل کے پاس نہیں بلکہ سلامتی کونسل کے امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین پر مشتمل پانچ مستقل اراکین کے ہاتھوں میں ہے۔ انہیں حاصل ''ویٹو پاور'' نے پورے عالمی نظام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔، عراق جنگ سے لیکر روس۔ یوکرین، اسرائیل فلسطین اور اسرائیل، لبنان اور امریکہ، اسرائیل، ایران جنگ ہو یا پھر پاک بھارت جنگ، سلامتی کونسل وہ نتائج نہیں دے سکی جس کی توقع اِس سے کی جاتی تھی۔ گذشتہ کئی برسوں کے دوران جب بھی دنیا کے کسی کونے میں اَمن قائم کرنے کی کوئی موثر کوشش کی گئی یا کسی مظلوم قوم کے حق میں رائے عامہ ہموار ہوئی، پانچ بڑوں میں سے کسی نہ کسی نے اپنے مفادات کی خاطر ویٹو کے ہتھیار کا استعمال کر کے اِسے خاک میں ملا دیا۔ یوکرین کی صورتحال ہو، مشرقِ وسطیٰ میں غزہ کی تباہ کاری ہو یا دیگر علاقائی تصادم، اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل مفلوج ہی نظر آئی۔ اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور ان کے ماتحت ادارے محض بیانات دینے، تشویش ظاہر کرنے اور انسانی امداد کی اپیلیں کرنے تک محدود ہو کر رہ گئے۔ اِس وقت بھی جب انتونیو گوتریس اپنے عہدے سے ریٹائر ہونے والے ہیں دنیا کے مختلف خطوں میں خونریزی جاری ہے اور لاکھوں انسان بے گھر اور بے یارومددگار ہیں۔ اُن کی جگہ آنے والے نئے سیکرٹری جنرل کے لئے بھی یہی چیلنج منہ کھولے کھڑے ہوں گے تو وہ عالمی توقعات پر کیسے پورا اُتریں گے خاص طور پر جب تک پانچ بڑے کسی ایک بات پر متفق نہیں ہو جاتے؟ وقت کا تقاضہ ہے کہ دنیا کے پانچ بڑے طاقتور ممالک (بالخصوص امریکہ اور روس) اپنے باہمی اختلافات، جغرافیائی مفادات اور توسیع پسندانہ پالیسیوں سے بالاتر ہو کر سوچنا شروع کریں اور سلامتی کونسل کے مقاصد کو حقیقی معنوں میں پورا کرنے میں کردار ادا کریں۔



اسسٹنٹ کمشنر محمد خان بھنگوار کی زیر صدارت مرچ منڈی کے آڑھتیوں کا اہم اجلاس

کمپیوٹرائزڈ کانٹوں کی تنصیب کا مقصد وزن کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنانا اور آبادگاروں و تاجروں کے مفادات کا تحفظ ہے، محمد خان بھنگوار



کنری (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان بھنگوار کی زیرِ صدارت مرچ منڈی کنری کے صدر میاں سعید آرائیں، ایم سلیم آرائیں، سیکریٹری مارکیٹ کمیٹی اور مرچ منڈی کے دیگر آڑھتیوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مرچ منڈی کے انتظامی امور اور آڑھتیوں کو درپیش مسائل سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملاقات کے دوران اسسٹنٹ کمشنر کنری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کراچی کے صدر عابد حسین ستی نے ٹاؤن کونسلر منگھو پیر کوثر اقبال کے بھائی کے انتقال پر اظہارِ تعزیت



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کراچی کے صدر عابد حسین ستی نے ٹاؤن کونسلر منگھو پیر کوثر اقبال کے بھائی کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ پر جا کر اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر عابد حسین ستی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

میر پور خاص کھپرونا کہ پر مالھی اور بروہی برادری میں جھگڑا، متعدد افراد زخمی، دو لاکھ روپے چھیننے کا الزام، ٹریفک معطل

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص کھپرونا کہ پر مالھی اور بروہی برادری میں جھگڑا، متعدد افراد زخمی، دو لاکھ روپے چھیننے کا الزام، ٹریفک معطل میر پور خاص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



بدین میں آبائی زمین سے مبینہ بے دخلی کے خلاف احتجاج، دھمکیوں اور کلہاڑیوں سے حملے کا الزام

بدین (نمائندہ قوم کی آواز) قدیمی گاؤں نندو چانڈیو کے رہائشیوں نے آبائی زمین اور کھیتوں سے مبینہ بے دخلی، دھمکیوں اور کلہاڑیوں سے حملے کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر خواتین اور مرد رہائشیوں گل ناز، مہتاب ملاح، علی محمد ملاح، سجاد ملاح، جاوید ملاح اور دیگر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ وہ گزشتہ ایک سو سال سے نندو چانڈیو میں آباد ہیں، تاہم اب انہیں مبینہ طور پر اپنے گھروں، زمین اور کھیتوں سے بے دخل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مظاہرین کے مطابق حیدرآباد کے رہائشی سہیل میمن نے مقامی شخص حیدر گب ؟ یر سے زمین خریدی ہے، جس کے بعد انہیں مبینہ طور پر ہراساں کر کے گھر اور زمین خالی کرنے کیلئے دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ رہائشیوں نے مزید الزام عائد کیا کہ سہیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

میونسپل کمیٹی خیر پور انتظامیہ یوم آزادی کے جھنڈوں کی رقم ہڑپ کر گئی، دکاندار کا احتجاج، بھوک ہڑتال کی دھمکی



خیر پور (رپورٹ: سجاد حسین شر) میونسپل کمیٹی خیر پور انتظامیہ یوم آزادی کے جھنڈوں کی رقم ہڑپ کر گئی، دکاندار کا احتجاج، بھوک ہڑتال کی دھمکی۔ میونسپل کمیٹی خیر پور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بدین میں دھان کی خریداری پر آبادگاروں اور رائس مل مالکان میں اتفاق

بدین (نمائندہ قوم کی آواز) ضلع بدین میں چار لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر کاشت دھان کی فصل کی کٹائی شروع ہوتے ہی آبادگاروں اور رائس مل مالکان کے درمیان قیمت، نمی کی کٹوتی، وزن اور مزدوری کے معاملات پر پیدا ہونے والے تنازع کے حل کیلئے ضلعی انتظامیہ نے اہم فیصلے کر لیے۔ ڈپٹی کمشنر بدین زاراز اہد کی زیر صدارت دربار ہال میں ہونے والے اجلاس میں رائس مل مالکان اور آبادگاروں کے نمائندوں نے شرکت کی، جس میں باہمی رضامندی سے دھان کی خریداری، نمی، وزن اور مزدوری کے حوالے سے معاملات طے کیے گئے۔ اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

حیدرآباد میں 11 ماہ سے محفوظ فیصلہ نہ سنائے جانے پر وکیل نے کوٹ جلا دیا، سول مقدمے کا فیصلہ 11 ماہ سے زیر التوا ہے، وکیل سکندر بھٹی کا احتجاج، ہائیکورٹ بار صدر ایاز تونیو

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیدرآباد ہائیکورٹ سرکٹ بینچ میں 11 ماہ سے محفوظ فیصلہ نہ سنائے جانے پر وکیل نے احتجاجاً اپنا کوٹ جلا دیا۔ ایڈووکیٹ سکندر بھٹی کے مطابق سول مقدمے کا فیصلہ 11 ماہ قبل محفوظ کیا گیا تھا، تاہم اب تک فیصلہ سنایا نہیں گیا۔ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ایاز تونیو ایڈووکیٹ نے بتایا کہ محفوظ فیصلہ جاری نہ ہونے پر وکیل نے احتجاجاً اپنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

میر پور خاص جرواری شاخ عمر کوٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی، 200 سے زائد گھروں کی تجاوزات ختم



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) کمشنر میر پور خاص کے احکامات پر جرواری شاخ عمر کوٹ روڈ کے اطراف غیر قانونی تجاوزات کے خلاف کارروائی کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر تعلقہ شجاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایگزیکٹو انجینئر آپریشن ڈویژن میر پور خاص فرید الدین میمن کی سب ڈویژن کے اسٹاف لائن سپرنٹنڈنٹس سے ملاقات



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ایگزیکٹو انجینئر آپریشن ڈویژن میر پور خاص فرید الدین میمن نے آج آپریشن سب ڈویژن ہیر آباد میر پور خاص کے تمام 1 سے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	387,517
سونا 24K۔(فی تولہ)	452,000
سونا 22K۔(10 گرام)	355,224
سونا 22K۔(فی تولہ)	414,440
چاندی۔(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

پاکستان کے معروف اشاعتی ادارے مون لائٹ پبلشرز کے زیر اہتمام 82 رکنی وفد دنیا کے سب سے بڑے فرینکفرٹ بک فیئر 2026 میں شرکت کیلئے جرمنی پہنچ گیا

وفد میں ناشرین، مصنفین، اساتذہ، کتاب فروش اور تعلیمی و اشاعتی شعبے کے ماہرین شریک، صابر حسین بخاری نے پاکستان سے میلے کی خصوصی کوریج کی، جبکہ مون لائٹ پبلشرز کے رانا فیاض احمد نے سفری معاونت فراہم کی

وفد کا مقصد صرف فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کرنا نہیں بلکہ پاکستان اور عالمی اشاعتی صنعت کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنا، کاروباری و تعلیمی شراکت داریوں کو فروغ دینا اور پاکستانی ناشرین کے لیے عالمی منڈیوں تک رسائی کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے

بک فیئر، 7 تا 11 اکتوبر تک ہوگا، پاکستانی وفد کی واپسی پر توقع کی جا رہی ہے کہ میلے سے حاصل ہونے والے تجربات، نئے روابط اور عالمی اشاعتی ماڈلز پاکستان کی اشاعتی، تعلیمی اور بچوں کی کتابوں کی صنعت کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے







لاہور/فرینکفرٹ (بزنس رپورٹر) پاکستان کے معروف اشاعتی ادارے مون لائٹ پبلشرز کے زیر انتظام تقریباً 82 افراد پر مشتمل پاکستانی وفد دنیا کے سب سے بڑے بین الاقوامی کتابی اور اشاعتی میلے فرینکفرٹ بک فیئر 2026 میں شرکت کے لیے جرمنی پہنچ گیا ہے، جہاں وفد کے ارکان عالمی اشاعتی صنعت کے مختلف شعبوں کا مشاہدہ کرنے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی ناشرین اور ماہرین سے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ مون لائٹ پبلشرز کی جانب سے منظم کیے گئے اس وفد میں پاکستان بھر سے تعلق رکھنے والے ناشرین، مصنفین، ادباء، اساتذہ، تعلیمی اداروں کے منتظمین، بچوں کی کتابوں کے ماہرین، کتاب فروش، کتابوں کے ڈسٹری بیوٹرز اور تعلیمی و اشاعتی شعبے سے وابستہ دیگر پیشہ ور افراد شامل ہیں۔ فرینکفرٹ بک فیئر کو عالمی سطح پر اشاعتی صنعت کا ایک اہم ترین پلیٹ فارم تصور کیا جاتا ہے، جہاں دنیا بھر سے ناشرین، ادبی ایجنٹس، مصنفین، مترجمین، تعلیمی ادارے اور رائٹس پروفیشنلز شرکت کرتے ہیں۔ اس عالمی میلے میں نئی کتابوں، اشاعتی منصوبوں، تراجم، لائسنسنگ، کاپی رائٹس اور بین الاقوامی کاروباری شراکت داری کے حوالے سے اہم سرگرمیاں منعقد ہوتی ہیں۔ پاکستانی وفد کی شرکت کا بنیادی مقصد عالمی اشاعتی صنعت کے طریقہ کار، بچوں کی کتابوں کی بین الاقوامی مارکیٹ، تعلیمی اشاعتوں، رائٹس ٹریڈنگ، جدید اشاعتی ٹیکنالوجیز، ڈیجیٹل پبلشنگ، کتابوں کی عالمی مارکیٹنگ اور بین الاقوامی تقسیم کار نظام کو سمجھنا ہے۔ پانچ روزہ میلے میں زیادہ سے زیادہ پاکستانی نمائندگی یقینی بنانے کے لیے وفد کے ارکان کو مختلف گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مختلف اراکین مختلف دنوں میں میلے میں شرکت کر رہے ہیں، جس کے باعث پورے پانچ دن پاکستانی نمائندوں کی موجودگی برقرار رہے گی اور انہیں زیادہ سے زیادہ سیشنز، ملاقاتوں اور کاروباری مواقع سے استفادہ کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ وفد کے ارکان بین الاقوامی ناشرین کے ساتھ بزنس میٹنگز، بچوں کی کتابوں اور تعلیمی اشاعتوں سے متعلق خصوصی سیشنز، رائٹس اور لائسنسنگ پروگرامز، بین الاقوامی نیٹ ورکنگ پروگرامز اور اشاعتی صنعت میں مصنوعی ذہانت اور نئی ٹیکنالوجیز سے متعلق مباحثوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستانی نمائندگان ترجمہ، مشترکہ اشاعت، عالمی تعاون اور بین الاقوامی مارکیٹ میں پاکستانی کتابوں کی رسائی کے امکانات کا بھی جائزہ لے رہے ہیں۔ عالمی کتابی منڈی اور تعلیمی اشاعتی رجحانات کا مطالعہ بھی وفد کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ خصوصی طور پر بچوں کے لٹریچر اور تعلیمی اشاعتوں کے شعبے میں عالمی رجحانات کا مشاہدہ کیا جا رہا ہے تاکہ پاکستان میں معیاری بچوں کی کتابوں، تعلیمی مواد اور جدید اشاعتی منصوبوں کی تیاری کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ مون لائٹ پبلشرز نے پاکستانی میڈیا کے نمائندوں کی شرکت میں بھی معاونت فراہم کی ہے۔ اس سلسلے میں صابر حسین بخاری، سینئر صحافی، چیف ایڈیٹر وسی ای او زمانہ نیوز میڈیا گروپ اور سابق ترجمان حکومت پنجاب، پاکستان سے فرینکفرٹ بک فیئر 2026 کی خصوصی کوریج کے لیے جرمنی پہنچے ہیں۔ مون لائٹ پبلشرز کے مطابق صابر حسین بخاری کے سفری انتظامات اور جرمن ویزا کے حصول میں بھی ادارے کی جانب سے تعاون فراہم کیا گیا، تاکہ پاکستانی میڈیا کی مؤثر نمائندگی اور عالمی اشاعتی سرگرمیوں کی کوریج ممکن بنائی جا سکے۔ مون لائٹ پبلشرز کے **مینجنگ ڈائریکٹر رانا فیاض احمد** کے مطابق وفد کا مقصد صرف فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کرنا نہیں بلکہ پاکستان اور عالمی اشاعتی صنعت کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنا، کاروباری و تعلیمی شراکت داریوں کو فروغ دینا اور پاکستانی ناشرین کے لیے عالمی منڈیوں تک رسائی کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی اشاعتی صنعت میں ہونے والی تیز رفتار تبدیلیوں، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور نئے کاروباری ماڈلز سے آگاہی پاکستان کے اشاعتی شعبے کے لیے اہم ثابت ہو سکتی ہے۔ عالمی ماہرین اور ناشرین سے رابطے پاکستانی اداروں کو بین الاقوامی سطح پر نئے امکانات تلاش کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ فرینکفرٹ بک فیئر، 7 سے 11 اکتوبر تک جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں میسے فرینکفرٹ میں جاری ہے۔ پاکستانی وفد کی واپسی پر توقع کی جا رہی ہے کہ میلے سے حاصل ہونے والے تجربات، نئے روابط اور عالمی اشاعتی ماڈلز پاکستان کی اشاعتی، تعلیمی اور بچوں کی کتابوں کی صنعت کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔

☆☆☆







بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾
محمد خان بھنگوار نے مرچ منڈی کے صدر، سیکریٹری مارکیٹ کمیٹی اور دیگر آڑھتیوں کو ہدایت کی کہ ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ کے احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہوئے مرچ منڈی میں تمام آڑھتی اپنی اپنی دکانوں پر کمپیوٹرائزڈ کانٹے نصب کریں۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد خان بھنگوار نے واضح کیا کہ کمپیوٹرائزڈ کانٹوں کی تنصیب کا مقصد وزن کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنانا اور آبادگاروں و تاجروں کے مفادات کا تحفظ ہے۔انہوں نے آڑھتیوں کو ہدایت کی کہ مقررہ احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے فوری طور پر اپنی دکانوں پر کمپیوٹرائزڈ کانٹے نصب کریں، بصورت دیگر احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے آڑھتیوں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر مرچ منڈی کے صدر و آڑھتیوں نے اسسٹنٹ کمشنر کنری کو دکانوں پر کمپیوٹرائزڈ کانٹے نصب کرنے کی یقین دہانی کرائی، اجلاس میں مرچ منڈی کے صدر، سیکریٹری مارکیٹ کمیٹی اور دیگر آڑھتیوں نے اسسٹنٹ کمشنر کو اپنے مسائل اور تجاویز سے بھی آگاہ کیا۔اسسٹنٹ کمشنر کنری نے آڑھتیوں پر واضح کیا کہ ہدایات پر عمل نہ کرنے والے آڑھتیوں کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے ان کے لائسنس منسوخ کر دیئے جائیں گے

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾
کے علاقے کھپرو نا کہ پر ماچھی اور بروہی برادری کے درمیان جھگڑے کے باعث کشیدگی پھیل گئی۔اطلاعات کے مطابق بروہی برادری کے متعدد افراد مبینہ طور پر اسلحے سمیت موقع پر پہنچے اور ماچھی برادری کے افراد سے جھگڑا کیا، جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوگئے، جبکہ بعض افراد کے سر پھٹنے کی بھی اطلاعات ہیں ماچھی برادری کی جانب سے الزام عائد کیا گیا ہے کہ جھگڑے کے دوران ان سے دو لاکھ روپے نقد بھی چھین لیے گئے۔ واقعے کے بعد کھپرو نا کہ اور اطراف کے علاقے میں خوف و ہراس کی فضا پیدا ہوگئی، جبکہ جھگڑے کے باعث آمدورفت بھی متاثر ہوئی اور ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ برادریوں کے درمیان معمولی تنازعات کو مسلح تصادم میں تبدیل ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔شہریوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس واقعے کی مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرے، زخمیوں کو انصاف فراہم کیا جائے اور اگر دو لاکھ روپے چھیننے کا الزام درست ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی جائے۔علاقہ مکینوں نے مزید کہا کہ پولیس کی بروقت کارروائی نہ ہونے سے ایسے واقعات دوبارہ رونما ہو سکتے ہیں، اس لیے کھپرو نا کہ سمیت حساس علاقوں میں پولیس گشت بڑھایا جائے تاکہ امن و امان برقرار رکھا جاسکے۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾
میمن کا مبینہ کارندہ نظیر ملاح علاقے میں نامناسب سرگرمیوں میں ملوث ہے، جس پر اعتراض کرنے کے بعد وہ ان کا مخالف ہوگیا اور مبینہ طور پر انہیں دباؤ میں لانے کی کوشش کر رہا ہے۔متاثرہ خاتون گل ناز نے الزام عائد کیا کہ مخالفت کرنے پر ان پر کلہاڑیوں سے حملہ کیا گیا، جس سے وہ شدید زخمی ہوئیں۔متاثرین نے خدشہ ظاہر کیا کہ انہیں، ان کے بچوں یا گھروں کو کسی قسم کا نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری سہیل میمن اور اس کے مبینہ کارندے نظیر ملاح پر عائد ہوگی۔متاثرین نے ایس ایس پی بدین اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مبینہ دھمکیوں، بے دخلی کی کوششوں اور کلہاڑیوں سے حملے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾
انتظامیہ یوم آزادی 14 اگست کی مد میں جھنڈوں کی رقم ہڑپ کر گئی دکاندار سید تہذیب الحسن باقری نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے دوسال قبل میونسپل کمیٹی خیر پور کے اکاؤنٹنٹ دھنی بخش پھلپوٹو کو 14 اگست کے لیے پاکستان کے جھنڈے دیئے تھے جس کی رقم 80 ہزار بنتی ہے، مگر دو سال گزرنے کے باوجود رقم نہیں دی جارہی۔الٹا دھنی بخش پھلپوٹو بل نکلوا کر رقم ہڑپ کر گیا ہے۔میں غریب آدمی ہوں، دن رات محنت کر کے پیٹ پالتا ہوں، میرے پیسے دلائے جائیں۔انہوں نے ایم این اے ڈاکٹر سیدہ نفیسہ شاہ جیلانی اور ڈی سی خیر پور سے مطالبہ کیا ہے کہ میری رقم دلائی جائے ورنہ میونسپل کمیٹی کے خلاف علامتی بھوک ہڑتال کروں گا۔4

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾
کوٹ اتار کرا سے آگ لگا دی۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾
میں فیصلہ کیا گیا کہ دھان میں نمی کی زیادہ سے زیادہ حد 21 فیصد ہوگی جبکہ 40 کلوگرام دھان پر کسی قسم کی کٹوتی نہیں کی جائے گی۔رائس مل میں دھان اتارنے کی مد میں آبادگار سے 16 روپے فی من سے زائد مزدوری وصول نہیں کی جائے گی۔رائس ملز اور کارخانوں میں نصب کانٹوں کی جانچ کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر یا متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز اچانک رائس ملز اور کارخانوں کا معائنہ کریں گے اور وزن میں بے ضابطگی سامنے آنے پر متعلقہ مل یا کارخانے کو سیل کرنے کے ساتھ جرمانہ بھی عائد کیا جائے گا۔اجلاس میں طے کیا گیا کہ دھان میں نمی کی جانچ کیلئے صرف بین الاقوامی معیار کے مطابق تصدیق شدہ مشینیں استعمال کی جائیں گی تاکہ آبادگاروں سے من مانی کٹوتی کا سلسلہ روکا جاسکے۔رائس مل مالکان آبادگاروں کو ان کی مرضی کے مطابق نقد یا چیک کے ذریعے ادائیگی کریں گے۔ڈپٹی کمشنر زارا زاہد نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ضلعی انتظامیہ نہیں چاہتی کہ کسی آبادگار یا رائس مل مالک کو نقصان پہنچے۔تمام معاملات باہمی اتفاق رائے سے حل کیے جائیں گے اور کسی فریق کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دی جائے گی۔واضح رہے کہ آبادگاروں کی شکایات اور احتجاج کے بعد سابق ڈپٹی کمشنر یاسر بھٹی کی زیر صدارت اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنروں کاشف رضا منگی کی سربراہی میں آبادگاروں اور رائس مل مالکان کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی بھی تشکیل دی گئی تھی۔اجلاس میں ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنروں کاشف رضا منگی، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ریشم میگھواڑ، رائس مل مالکان اور آبادگاروں کے نمائندوں سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾
20 بیچز میں سائیڈوں پر ڈی سی او اسٹاف اور لائن سپرنٹنڈنٹس سے ملاقات کی اور ریکوری کی موجودہ پوزیشن کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر نے 100 فیصد ریکوری کے حصول کے لیے سخت احکامات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ بجلی چوری کے معاملے میں کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے تمام ڈی سی او اسٹاف اور لائن سپرنٹنڈنٹس کو ہدایت کی کہ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ریکوری بوسٹ اپ میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں اور روزانہ کی بنیاد پر اپنی ریکوری پروگریس ان کے ساتھ شیئر کریں۔ہدایات: ریکوری کا ہدف 100 فیصد یقینی بنایا جائے۔بجلی چوری کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے۔ریکوری کی روزانہ کی پیش رفت رپورٹ کی جائے۔ تمام اسٹاف اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے۔تمام معزز صارفین بجلی سے التماس کیا جاتا ہے اپنے واجب الادا بجلی کے بل بلا تاخیر ادا کریں بجلی چوری سے اجتناب کریں۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾
آباد وسیم لاشاری کی نگرانی میں انکروچمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 200 گھروں کی تجاوزات ختم کردی۔شہریوں کے مطابق جرواری شاخ سے علاقے کے لوگوں کو پانی فراہم کیا جاتا ہے، تاہم بعض مقامات پر گٹر کی نالیوں اور پائپ لائنوں کے ذریعے گندا پانی نہر میں چھوڑے جانے کی شکایات سامنے آرہی تھیں، جس کے باعث نہر کی صفائی اور پانی کے معیار کے حوالے سے شہریوں میں تشویش پائی جاتی تھی۔کارروائی کے دوران غیر قانونی گٹر نالیوں اور پائپ لائنوں کو بھی ختم کر دیا گیا، جبکہ انکروچمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا عملہ موقع پر صفائی کے کام میں مصروف رہا۔اسسٹنٹ کمشنر وسیم لاشاری کی نگرانی میں کی جانے والی اس کارروائی کو شہری حلقوں نے تجاوزات کے خاتمے، صفائی ستھرائی اور عوامی مفاد کے حوالے سے اہم اقدام قرار دیتے ہوئے کمشنر میر پور خاص اور اسسٹنٹ کمشنر تعلقہ شجاع آباد وسیم لاشاری کے اقدامات کو سراہا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری شاخوں، سڑکوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی کا سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری رہنا چاہیے تاکہ عوام کو صاف ماحول، محفوظ راستے اور صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾
ہے۔ایکسپو کا بنیادی مقصد خواتین کو کاروباری مواقع فراہم کرنا، ان کی صلاحیتوں کو سامنے لانا اور انہیں ایسی جگہ فراہم کرنا ہے جہاں وہ اپنی مصنوعات، خدمات اور کاروباری منصوبوں کو متعارف کراسکیں۔ایکسپو میں مختلف شعبہ ہائے زندگی اور کاروباری شعبوں سے وابستہ 100 سے زائد باہمت خواتین** کی کامیابیوں، جدوجہد اور کاروباری سفر کو اجاگر کیا جائے گا۔اس موقع پر 22 مختلف صنعتوں اور کاروباری شعبوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو اپنی صلاحیتوں اور کاروبار کو متعارف کرانے کا موقع ملے گا، جس سے انہیں نئے صارفین، کاروباری شراکت داروں اور ممکنہ مارکیٹ تک رسائی حاصل کرنے میں مدد مل سکے گی۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ یہ پلیٹ فارم صرف پہلے سے کاروبار کرنے والی خواتین تک محدود نہیں ہوگا بلکہ طالبات، گھریلو خواتین، فری لانسرز، چھوٹے کاروبار سے وابستہ خواتین اور ان تمام خواتین کے لیے بھی مواقع فراہم کرے گا جو مستقبل میں کاروباری میدان میں قدم رکھنے کی خواہش رکھتی ہیں۔ان کے مطابق ایکسپو کا مقصد خواتین میں خوداعتمادی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں کاروبار شروع کرنے، اسے وسعت دینے، اپنی مصنوعات کی تشہیر اور دیگر کاروباری خواتین کے ساتھ روابط قائم کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس طرح خواتین ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے اپنے کاروباری سفر کو مزید آگے بڑھا سکیں گی۔ باہمت عورت ایکسپو 2026 کے لیے مفت اسٹال کی آن لائن رجسٹریشن بھی جاری ہے۔رجسٹریشن کرنے والی شرکاء کو مقام کا نقشہ، اسٹال نمبر، ایک میز، دو کرسیاں اور 5x5 مربع فٹ جگہ فراہم کی جائے گی۔اس کے علاوہ شرکاء کے لیے پینے کے پانی کی سہولت بھی موجود ہوگی جبکہ سالانہ رکنیت اور مختلف اشیاء و خدمات پر رعایت سمیت دیگر سہولیات بھی فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ منتظمین نے خواتین کو اس منفرد کاروباری پلیٹ فارم سے فائدہ اٹھانے اور ایکسپو میں شرکت کے لیے رجسٹریشن کرانے کی دعوت دی ہے تاکہ کراچی میں خواتین کی کاروباری سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جاسکے

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾
نے سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ اپنے عزیز کا بچھڑ جانا ایک ناقابل تلافی صدمہ ہے، غم کی اس گھڑی میں ہم کوثر اقبال اور ان کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے مرحوم کے لیے اللہ تعالیٰ سے مغفرت، درجاتِ بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمانے کی دعا کی۔ عابد حسین ستی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان اور عہدیداران دکھ اور غم کی ہر گھڑی میں اپنے ساتھیوں اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ کھڑے ہیں

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾
نان ٹیکس ریونیو ہے، پیٹرولیم لیوی پارلیمنٹریز کا ووٹ نہیں ہے، پیٹرولیم لیوی ایگزیکٹو کے ہاتھ میں ہے۔وزیر پیٹرولیم نے جواب دیا کہ پیٹرولیم لیوی کے اہداف بجٹ میں مختص ہیں، ملٹی لیٹرل پارٹنر کے بغیر لیوی کے ہدف میں تبدیلی نہیں کر سکتے، ہم نے کچھ نہیں چھپایا ہر چیز اوگرا کی ویب سائٹ پر موجود ہے، پیٹرولیم لیوی 80 روپے کی حد تک وصول کی جا رہی۔رکن کمیٹی معین عامر پیرزادہ نے مطالبہ کیا کہ عوام تنگ ہیں تیل کی قیمتوں پر غور کیا جائے۔وزیر پیٹرولیم نے جواب دیا کہ ہمیں عوام کی تکلیف کا احساس ہے، جو قیمت بنتی ہے عوام کو صاف شفاف انداز میں منتقل ہو رہی، پانچ میں سے چار ریفائنریوں کے ساتھ یوروفائیو فیول تیار کرنے کے معاہدے ہو چکے، ایک ریفائنری کے ساتھ ابھی معاہدے پر بات چیت جاری ہے، مقامی ریفائنریاں اپ گریڈیشن کے بعد یورو فائیو معیار کا پٹرول اور ڈیزل بنائیں گی۔نوید قمر نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے فارمولے سے نکل کیوں نہیں جاتی؟ 30 روز کی قیمتوں کے فارمولے سے حکومت 15 روز کے فارمولے پر آئی، پھر حکومت آخر میں ایک روز کی بنیاد پر آئی، روزانہ کی بنیاد پر کیوں؟علی پرویز ملک نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین حکومت نہیں کرتی، اوگرا کرتا ہے، باقی ملکوں میں تو پٹرول پمپس پر فوج تعینات ہوگئی تھی، ہم نے سپلائی چین بہتر بنائی اور منافع خوری ختم کی، مشکل حالات میں عوام کو کھانے کے اوقات میں گیس کی فراہمی یقینی بنائی، فیول سپلائی چین کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کیا جا رہا ہے، پٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ پر کوئی سمجھوتا نہیں۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾
فراہم کرنے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران کراچی پورٹ سے یورپ، امریکا اور کینیڈا کے لیے براہ راست شپنگ سروس کے آغاز اور کے پی ٹی آنے والے موجودہ بحری جہازوں پر مزید کارگو اسپیس کی فراہمی کے امکانات پر بھی غور کیا گیا۔سی او سی ایم اے سی جی ایم نے کراچی پورٹ کے جاری ترقیاتی منصوبوں، بالخصوص میگا ڈریجنگ آپریشنز کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ پورٹ کی گہرائی (ڈرافٹ) میں اضافہ شپنگ سیکٹر کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گا اور بڑے مدر ویسلز کو کراچی پورٹ پر لانے میں معاون ثابت ہوگا، جس سے پاکستان میں کاروباری لاگت کم کرنے میں مدد ملے گی۔ چیئرمین کے پی ٹی نے سی ایم اے سی جی ایم کو کراچی پورٹ پر اپنی کاروباری سرگرمیوں کے مزید فروغ اور توسیع کے لیے ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾
2 فیصد مقرر کرنے کا مطالبہ کر دیا۔فبائی کے صدر رضا حسین نے گورنر اسٹیٹ بینک کو ارسال کیے گئے خط میں کہا ہے کہ چھوٹی صنعتوں کیلئے مقررہ شرح پر قرضوں کی خصوصی اسکیم متعارف کرائی جائے۔ بلند شرح سود، توانائی کے مہنگے نرخ اور بڑھتے ہوئے محصولات کے باعث چھوٹی صنعتیں شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ مہنگے قرضوں کے باعث صنعتکاروں کیلئے مشینری کی خریداری اور پیداوار میں اضافہ مشکل ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ چھوٹی صنعتوں کو کاروباری ضروریات کیلئے کائیبور سے منسلک 2 فیصد شرح پر قرض فراہم کیا جارہا ہے، تاہم طویل المدتی صنعتی سرمایہ کاری کیلئے مزید کم شرح پر مالی معاونت ضروری ہے۔رضا حسین نے کہا کہ گورنر اسٹیٹ بینک چھوٹی صنعتوں کیلئے جامع اور دیرپا مالیاتی منصوبہ تشکیل دیں اور برآمد کنندگان کی طرح چھوٹی صنعتوں کو بھی کم شرح پر قرضوں کی سہولت فراہم کی جائے۔ صنعتوں کی بندش میں اضافے سے بے روزگاری بڑھ رہی ہے، جس کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔فبائی کے مطابق ایس ایم ای پالیسی کے حوالے سے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو بھی خط ارسال کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾
غیر قانونی طور پر پاس کرنے اور نتائج میں ردوبدل کے انکشافات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے سندھ کے تعلیمی نظام میں بدانتظامی کا نتیجہ قرار دیا ہے۔اپنے بیان میں ترجمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں سندھ، بالخصوص کراچی کے تعلیمی ادارے بدانتظامی اور کرپشن کا شکار ہوئے ہیں۔جامعہ کراچی کے امتحانی نظام میں مبینہ دھاندلی، رشوت اور اقربا پروری کے ذریعے فیل طلبہ کو پاس کرنا میرٹ اور طلبہ کے حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ترجمان نے وائس چانسلر جامعہ کراچی سے مطالبہ کیا کہ نتائج میں مبینہ ردوبدل کے ذمہ دار افسران اور عملے کے خلاف ایف آئی اے کے ذریعے غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ملوث افراد کو فوری طور پر برطرف اور گرفتار کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کراچی کے تعلیمی اداروں، میرٹ کی بالادستی اور طلبہ و طالبات کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور معاملے کے خلاف اسمبلی سے سڑکوں تک احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾
کو تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔ جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کے مطابق لاڑکانہ ڈویژن کا اہم اجلاس 10 اکتوبر کو جامعہ اسلامیہ لاڑکانہ میں صوبائی امیر مولانا عبدالصمد ہالیجوی کی صدارت میں ہوگا۔اجلاس میں ضلعی و تحصیل امراء، نظمائے عمومی، سالاروں اور ڈیجیٹل میڈیا رابطہ کاروں کی شرکت لازمی قرار دی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ حیدرآباد ڈویژن کا اجلاس 11 اکتوبر، میرپورخاص ڈویژن کا 12 اکتوبر، سکھر ڈویژن کا 13 اکتوبر اور کراچی ڈویژن کا اجلاس 17 اکتوبر کو ہوگا۔اجلاسوں کے ایجنڈے میں امن عالم اجتماع کی تیاریوں سے متعلق تحریری رپورٹ، گاڑیوں کے انتظامات کی پیشگی رپورٹ اور بقایا فنڈز کی وصولی شامل ہے۔علامہ راشد محمود سومرو نے عہدیداران کو ہدایت کی کہ فنڈز سے متعلق فراہم کردہ فارم دوبارہ مکمل کرکے تحصیل، ٹاؤن اور یونٹ کے امراء اور نظمائے عمومی کے دستخطوں کے ساتھ اجلاس میں لازمی پیش کریں۔انہوں نے تمام ذمہ داران کو بروقت شرکت اور اجتماع کے حوالے سے تیاریاں مکمل رکھنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾
خطاب کرتے ہوئے کیا۔حاجی محمد یونس ترین نے کہا کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) ملکی معدنی وسائل کی ترقی، کان کنی کے فروغ اور قومی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جبکہ ادارے کے ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور لگن سے انجام دے کر ادارے کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ منافع بخش قومی اداروں کو نجی شعبے کے حوالے کرنے کے بجائے اس کی کارکردگی مزید بہتر بنانے، جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانے اور پیداواری صلاحیت میں اضافے پر توجہ دی جانی چاہیے، پی ایم ڈی سی کو درپیش مسائل حل کر کے اسے مزید منافع بخش اور مضبوط ادارہ بنایا جا سکتا ہے۔ پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین شاہرگ کے جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد یونس ترین نے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت پی ایم ڈی سی کی نجکاری کے بجائے ادارے میں سرمایہ کاری کرے، ملازمین کے مسائل حل کرے، معدنی شعبے میں اس کے کردار کو مزید وسعت دے، وفاقی حکومت قومی اداروں کے تحفظ، ملازمین کے روزگار کے استحکام اور ملکی معدنی وسائل سے بھرپور استفادے کیلئے جامع پالیسی مرتب کرے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی قومی اور منافع بخش ادارے کی نجکاری سے قبل اس کے معاشی، صنعتی اور ملازمین پر پڑنے والے اثرات کا جامع جائزہ لینا ضروری ہے، پی ایم ڈی سی کو نجی شعبے کے حوالے کرنے کے بجائے اس کے انتظامی و مالی معاملات کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ ادارہ مستقبل میں مزید مؤثر انداز میں ملکی معیشت میں اپنا کردار ادا کر سکے۔حاجی محمد یونس ترین نے واضح کیا کہ پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین شاہرگ صدر محمد قیم اور جنرل سیکرٹری نور شاہ کی قیادت میں ملازمین، اپنے ادارے کے تحفظ حقوق کیلئے متحد ہیں اور ادارے کی نجکاری کے فیصلے کی بھرپور مخالفت کریں گے۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾
تقریباً 84 روپے سے بھی کم ہے۔ طویل عرصے سے جاری اقتصادی اصلاحات کے نتیجے میں حقیقی گھریلو آمدنی میں کمی واقع ہوئی، جس سے نہ صرف ملک میں غربت میں اضافہ ہوا بلکہ روزگار کے مواقع بھی کم ہوئے۔2018-1-2024-25 کے دوران 3 ڈالر یومیہ آمدنی کی سطح پر پاکستان میں غربت کی شرح میں 6.4 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ 4.2 ڈالر یومیہ آمدنی کی سطح پر یہ اضافہ 3.2 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔عالمی بینک کا تخمینہ ہے کہ رواں مالی سال پاکستان کی مجموعی ملکی پیداوار کی شرح نمو 2.2 فیصد رہے گی، جو گزشتہ سال کی شرح کے تقریباً برابر ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو مسلسل کئی منفی معاشی جھٹکوں کا سامنا کرنا پڑا، جن میں کورونا وبا، 2022 کے تباہ کن سیلاب، معاشی بحران، ہوشربا مہنگائی اور روپے کی قدر میں کمی شامل ہیں۔رپورٹ کے مطابق علاقائی سطح پر غربت میں اضافہ بنیادی طور پر پاکستان میں غربت بڑھنے کے باعث ہوا۔مشرق وسطیٰ کے تنازع کے معاشی اثرات کا ذکر کرتے ہوئے عالمی بینک نے کہا کہ تنازع شروع ہونے کے بعد پاکستان اور لبنان میں پٹرول کی قیمتوں میں 40 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ شام اور متحدہ عرب امارات میں بھی قیمتیں بڑھیں۔ پاکستان میں ڈیزل کی قیمت میں 40 فیصد سے زائد اضافہ ہوا، جبکہ لبنان میں 80 فیصد اور متحدہ عرب امارات میں 70 فیصد تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان، مراکش، تیونس، جبوتی، مصر اور اردن جیسے تیل درآمد کرنے والے ممالک کو مختلف معاشی چیلنجز کا سامنا ہے۔تیل اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھ رہی ہے، جس کے باعث مالیاتی گنجائش کم ہو رہی ہے۔خلیجی معیشتوں سے آنے والی ترسیلات زر میں بھی کمی ہوئی ہے جبکہ قرض لینے کی لاگت اور خطرات کے باعث بیمہ اخراجات میں اضافہ ہوا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے بھی شعبے نے اب تک ابھرتی ہوئی معاشی ضروریات کے مطابق خود کو پوری طرح نہیں ڈھالا

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾
سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کو سندھ میں سرمایہ کاری کی دعوت دیں گے۔وزیراعلیٰ ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق کانفرنس میں توانائی، صنعت، برقی گاڑیوں، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کیے جائیں گے۔وزیراعلیٰ سندھ زراعت، غذائی اجناس کی تیاری و پیکنگ، رسد اور گوداموں کے شعبوں میں بھی چینی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کی پیشکش کریں گے۔سندھ میں چینی سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور کاروباری سہولیات سے متعلق بھی شرکا کو آگاہ کیا جائے گا۔حکومت سندھ کے مطابق چینی سرمایہ کاروں کو کاروبار کیلئے سازگار ماحول اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، شنگھائی کانفرنس سے سندھ اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾
نے ملزمان کے قبضے سے 3 پستول، 2 لوڈ میگزین، 10 لاکھ 6 ہزار 500 روپے نقد، 8 چھینے گئے موبائل فونز اور 2 موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔پولیس کے مطابق پیر کو عوامی کالونی تھانے کی حدود میں بینک کے باہر 2 موٹر سائیکلوں پر سوار 4 مسلح ملزمان پیٹرول پمپ کے 2 ملازمین سے نقدی سے بھرا بیگ چھین کر فرار ہو گئے تھے، واردات میں 62 لاکھ روپے لوٹے گئے تھے جبکہ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آئی تھی۔ڈی آئی جی ایسٹ ڈاکٹر فرخ علی نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی کورنگی قیس خان کو ملزمان کی فوری گرفتاری کے احکامات دیے اور ایسٹ زون کی ٹیکنیکل ٹیم کو بھی متحرک کر دیا تھا۔گزشتہ شب عوامی کالونی پولیس نے تفتیشی شعبے کے ہمراہ باغ کورنگی میں صائمہ اپارٹمنٹ بند کے قریب ملزمان کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی۔پولیس پارٹی کے پہنچنے پر ملزمان نے فائرنگ کر دی، پولیس کی جوابی فائرنگ سے ہونے والے مقابلے میں گینگ سرغنہ سمیت 4 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے جبکہ ان کے 3 ساتھی فائرنگ کرتے ہوئے اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت عرفان ولد قربان علی، اکرم ولد سائیں ڈنو، عاشق ولد دائم علی اور میر حسن ولد دائم علی کے نام سے ہوئی۔عرفان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دوران علاج دم توڑ گیا۔ابتدائی تفتیش کے مطابق ہلاک ملزم عرفان نے 2013 میں تھانہ سائٹ کی حدود میں سب انسپکٹر رانا لطیف پر فائرنگ کر کے اسے شدید زخمی کیا تھا، جبکہ ہلاک اور گرفتار ملزمان کے سنگین وارداتوں میں ملوث ہونے کا سابقہ ریکارڈ بھی سامنے آیا ہے۔ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے پولیس مقابلے میں ڈکیت کو ہلاک اور اس کے 3 ساتھیوں کو گرفتار کرنے پر ڈی آئی جی ایسٹ ڈاکٹر فرخ علی، ایس ایس پی کورنگی اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔انہوں نے 62 لاکھ روپے کی ڈکیتی کے ملزمان کے خلاف بروقت کارروائی اور اسلحہ، نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکلیں برآمد کرنے پر پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔ایڈیشنل آئی جی نے گرفتار ملزمان سے تفتیش کے ذریعے گینگ کے دیگر ارکان کی نشاندہی اور فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾
ساعت کے دوران جیل حکام کی جانب سے ملزمہ اور شریک ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش نہیں کیا گیا۔عدالت نے ملزمان کو آئندہ ساعت پر لازمی پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے ملزمہ انمول پنکی کو بھی عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت کردی۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ ملزمہ انمول عرف پنکی کی عدالت میں حاضری لازمی ہے، ویڈیو لنک کے ذریعے مقدمے کی نقول فراہم کرنا ممکن نہیں۔عدالت نے مفرور ملزمان کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی جاری رکھنے کی بھی ہدایت کی۔پراسیکیوشن کے مطابق ملزمان کو رواں سال گرفتار کیا گیا تھا اور ملزمہ انمول پنکی بڑے پیمانے پر منشیات کی خرید و فروخت میں ملوث تھی۔ملزمان کے خلاف تھانہ گارڈن میں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾
بلدیاتی انتخابات کیلئے غیر حساس انتخابی سامان کی خریداری کیلئے فوری طور پر 2 ارب روپے تکنیکی ضمنی گرانٹ کے ذریعے جاری کرنے کی منظوری دیدی ہے۔اجلاس میں ای سی سی نے اہم مالیاتی و ترقیاتی اقدامات کی منظوری سمیت مختلف اداروں کیلئے اربوں روپے کے تکنیکی ضمنی گرانٹس کی بھی منظوری دی ہے۔وزارت خزانہ کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس جمعرات کو یہاں وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیرصدارت منعقد ہوا۔اجلاس میں وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وفاقی وزیر وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی سیکریٹریز اور متعلقہ وزارتوں، ڈویژنز اور ریگولیٹری اداروں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کی جانب سے پیش کردہ 17 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔وزارت خزانہ کے مطابق اجلاس میں فنانسنگ، ترقیاتی اقدامات، انفراسٹرکچر، ادارہ جاتی اصلاحات اور مختلف شعبہ جاتی امور سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ای سی سی نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے تیار کردہ فنانسنگ فریم ورک کی منظوری دی، جس کے تحت ایجنسی فنانشل انسٹی ٹیوشنز (اے ایف آئیز) کو چھوٹے کاروباروں اور چھوٹے کسانوں کیلئے حکومت کی موجودہ رسک کورنگ اسکیموں میں شامل کیا جائے گا۔اس اقدام کے ذریعے اہل مائیکروفنانس اور نان بینکنگ مالیاتی اداروں کے نیٹ ورک کو بروئے کار لاتے ہوئے فنانسنگ تک رسائی وسیع کرنے کا مقصد ہے۔کمیٹی نے کریڈٹ گارنٹی ٹرسٹ فنڈ (سی جی ٹی ایف) کے سیکنڈ سپلیمنٹری ٹرسٹ ڈیڈ میں ایڈینڈم کی بھی منظوری دی، جس کا مقصد موجودہ کریڈٹ گارنٹی سہولت کے مؤثر استعمال کے ذریعے کم لاگت ہاؤسنگ فنانس کو فروغ دینا ہے۔ای سی سی نے اسمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کے لیے 2 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ منظور کی، جو سمیڈا کے منظورشدہ بزنس پلان پر عملدرآمد کیلئے استعمال ہوگی۔یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن (یو ایس سی) کی فوری مالی ضروریات پوری کرنے اور اس کے اختتامی عمل کی تکمیل کیلئے 11 ارب 32 کروڑ 90 لاکھ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ بھی منظور کی گئی۔پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی (پی تھری اے) کیلئے 8 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دی گئی جس سے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے انفراسٹرکچر منصوبوں کی تیاری اور عملدرآمد میں مدد ملے گی۔وزارت ریلوے کیلئے تھرکول ریل کنیکٹیویٹی منصوبے کیلئے 10 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ بھی منظور کی گئی جس کا مقصد بجلی کی پیداوار اور دیگر صنعتی شعبوں کیلئے مقامی تھر کوئلے کے استعمال کو ممکن بنانا ہے۔الیکشن کمیشن آف پاکستان کی سمری پر اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات، سندھ اور بلوچستان میں بلدیاتی ضمنی انتخابات اور پنجاب میں حلقہ بندیوں کی سرگرمیوں کیلئے سرنڈر کیے گئے۔فنڈز کی دوبارہ تخصیص اور توثیق کیلئے 59 کروڑ 61 لاکھ 80 ہزار روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ منظور کی گئی جبکہ پنجاب، خیبر پختونخوا، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری اور کینٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات کیلئے غیر حساس انتخابی سامان کی خریداری کیلئے مجموعی طور پر 17 ارب 87 کروڑ 30 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا جبکہ فوری طور پر 2 ارب روپے تکنیکی ضمنی گرانٹ کے ذریعے جاری کرنے کی منظوری دی گئی۔وزارت داخلہ و انسداد منشیات کی سمری پر کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کیلئے وزیراعظم آفس اور وزیراعظم اسٹاف کالونی کی ضروری مرمت و دیکھ بھال کے اخراجات کیلئے مالی سال 2026-27 کے دوران 30 کروڑ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ منظور کی گئی۔وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری کیلئے پاکستان کی 31 ویں کانفرنس آف دی پارٹیز (کوپ 31) میں شرکت سے متعلق ضروری اخراجات کیلئے 15 کروڑ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ بھی منظور کی گئی۔کوپ 31 ترکیہ کے شہر انطالیہ میں منعقد ہوگی ای سی سی نے پاکستان اسپورٹس انڈومنٹ فنڈ اسکیم 2025 کیلئے وزارت بین الصوبائی رابطہ کاری کے حق میں 93 کروڑ 44 لاکھ 81 ہزار روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ منظور کی۔یہ رقم منظور شدہ فریم ورک کے مطابق فنڈ کو فعال بنانے کیلئے استعمال ہوگی۔اسی طرح وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی سمری پر چین میں ایک ہزار زرعی ماہرین کی تکمیل مدتی تربیت کیلئے وزیراعظم کے اقدام کے تحت ایک ارب 66 کروڑ 61 لاکھ 76 ہزار روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دی گئی، جس کا مقصد زرعی ٹیکنالوجی، جدت اور تحقیق میں مہارت کو فروغ دینا ہے۔کمیٹی نے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی جانب سے 2026 کی تمباکو فصل کیلئے کم از کم اشارتی قیمتوں اور 2026-27 کیلئے سیس کی شرحوں میں ترمیم سے متعلق سمری کی منظوری دی۔پاسکو کے صوبائی حکومتوں سے واجب الادا بقایاجات کو براہ راست کٹوتیوں کے ذریعے ایڈجسٹ کرنے سے متعلق سمری پر فیصلہ مؤخر کردیا گیا اور متعلقہ فریقین سے مزید مشاورت کے بعد معاملہ دوبارہ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ریونیو ڈویژن کی سمری پر مقامی طور پر تیار کیے جانے والے ٹائروں کی درآمد پر اضافی کسٹمز ڈیوٹی کے نفاذ سے متعلق ایس آر او 693(1)/2006 میں ترمیم کی منظوری بھی دی گئی اس اقدام کا مقصد مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ دینا ہے۔ای سی سی نے پاکستان ریونیو آٹومیشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ (پرال) کیلئے 4 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دی، جو ایف بی آر کے ٹرانسفارمیشن پلان پر عملدرآمد اور جاری تنظیم نو کیلئے استعمال ہوگی۔وزارت تجارت کی سمری پر ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے وسائل کو منظور شدہ فریم ورک کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنے کی بھی منظوری دی گئی تاکہ فنڈ کے وسائل کا پیداواری استعمال اور پائیدار مالی انتظام یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 22 ﴿قوم کی آواز﴾
کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ایدھی حکام کے مطابق زخمی ملزمان کو طبی امداد کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ان کی شناخت رومن، عباس اور دانیال کے نام سے ہوئی۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 23 ﴿قوم کی آواز﴾
سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔عوامی کالونی پولیس کے مطابق کورنگی عرفانی گوٹھ بند پٹی میں مبینہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو ہلاک اور 3 زخمیوں سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ہلاک ملزم کی شناخت 30 سالہ محمد عرفان جبکہ زخمی ملزمان کی شناخت عاشق علی، اکرم علی اور میر حسن کے نام سے ہوئی۔مقابلے کے دوران 3 ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔پولیس کے مطابق ہلاک اور گرفتار ملزمان سے 3 پستول، 10 لاکھ 6 ہزار 500 روپے نقدی، 8 موبائل فون اور 2 موٹر سائیکلیں برآمد ہوئیں۔ہلاک اور زخمی ملزمان کو جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔دوسری جانب گلبرگ پولیس نے کریم آباد اپوا کالج کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے اسلحہ برآمد کرلیا، جسے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔نیو کراچی پولیس نے سیکٹر 11 ایل یونائیٹڈ پارک کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کیا۔زخمی ملزم ذیشان کو عباسی شہید اسپتال جبکہ دوسرے ملزم عارف کو تھانے منتقل کردیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزمان سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 24 ﴿قوم کی آواز﴾
ہوگیا۔چھیپا حکام کے مطابق لیاقت آبادی سی ایریا میں دبئی ہوٹل کے قریب فائرنگ سے 40 سالہ منیب زخمی ہوگیا، جسے طبی امداد کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔دوسری جانب ماڑی پور روڈ پر کرما مسجد کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے ایک راہگیر جاں بحق ہوگیا۔چھیپا حکام کے مطابق متوفی کی لاش اسپتال منتقل کردی گئی۔

بقیہ نمبر 25 ﴿قوم کی آواز﴾
دیے گئے، جس میں 26 معیشتوں سے تعلق رکھنے والی ٹیکنالوجی تنظیموں نے شرکت کی۔پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن برائے آئی ٹی اینڈ آئی ٹی ای ایس (P@SHA) کے ایک وفد نے تقریب میں شرکت کی، جس میں چیئرمین ڈاکٹر شعیب اے خان، ASOCIO کے وائس چیئرمین P@SHA کے سی ای سی رکن محمد ذوہیب خان اور P@SHA میں اسپیشل انیشی ایٹو کے مینیجر زین طارق شامل تھے۔پاکستانی اداروں کو حکومتی خدمات، ٹیلنٹ ڈویلپمنٹ، سائبر سیکیورٹی، تعلیم، صحت، زراعت، مالیاتی خدمات اور مینوفیکچرنگ سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی پر اعزازات سے نوازا گیا۔خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے ڈیجیٹل گورنمنٹ ایوارڈ حاصل کیا، جبکہ Remire نے ٹیلنٹ ڈویلپمنٹ ایوارڈ Symmetry Group Limited نے گلوبل بزنس سروس ایوارڈ اپنے نام کیا۔مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھی پاکستان نے نمایاں کامیابیاں حاصل کیں SecureBeans نے سائبر سیکیورٹی میں اے آئی ایوارڈ Planetbeyond جبکہ Pakistan CARE نے اے آئی فار پبلک گڈ ایوارڈ جبکہ AIDxVision نے اے آئی ان ایجوکیشن کا اعزاز حاصل کیا Sybrid نے اے آئی ان ہیلتھ کیئر Solutions اور Unikrew نے اے آئی ان ایگریکلچر فنانشل سروسز کیٹیگری میں کامیابی حاصل کی Geekinn Private Limited کو اے آئی ان ورک فورس اینڈ فیوچر اسکلز کے لیے اعزاز دیا گیا، جبکہ ISSMART Private Limited نے اے آئی ان مینوفیکچرنگ/سپلائی چین ایوارڈ حاصل کیا۔ڈاکٹر شعیب اے خان نے کہا کہ یہ غیر معمولی کامیابی پاکستان کے ٹیکنالوجی سیکٹر کی مسلسل جدت، استقامت اور عالمی معیار کی صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایوارڈز ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان عالمی ٹیکنالوجی کے منظرنامے میں محض شرکت سے آگے بڑھ کر ڈیجیٹل تبدیلی اور عملی مصنوعی ذہانت کے مستقبل کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے ASOCIO ایشیا اور اوشیانا میں آئی سی ٹی انڈسٹری سے وابستہ تنظیموں کی نمائندگی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 26 ﴿قوم کی آواز﴾
دے دیا۔ساعت کے دوران درخواست گزاروں کے وکیل علی اسد اللہ بلوچ ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ عدالت نے 2017 سے درخواست گزار انسپکٹرز کو ترقی دینے کی ہدایت کی تھی۔ آئی جی موٹروے نے مسرور میمن اور دیگر افسران کو مئی 2025 سے ترقی دی، جس کی رپورٹ جولائی میں عدالت میں پیش کی گئی تھی۔وکیل نے کہا کہ آئی جی موٹروے نے عدالتی حکم پر عملدرآمد کے بجائے ترقی کے فیصلے پر عمل روک دیا۔ڈپٹی اٹارنی جنرل نے ساعت کے دوران دوبارہ پرانی رپورٹ پیش کردی۔جسٹس عدنان الکریم میمن نے ریمارکس دیے کہ جو حکم دیا گیا تھا اس پر عمل نہیں ہوا، آئی جی موٹروے خود آکر وضاحت کریں کہ عدالتی حکم پر عملدرآمد کیوں نہیں کیا گیا۔عدالت نے موٹروے پولیس کی رپورٹ دوسری بار مسترد کرتے ہوئے آئی جی موٹروے کو شوکاز نوٹس جاری کردیا۔

بقیہ نمبر 27 ﴿قوم کی آواز﴾
آب کی ناقص صورتحال، ٹریفک کا بڑھتا دباؤ اور شہری سہولیات کی کمی بدستور برقرار ہے۔کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ یونیورسٹی روڈ، شاہراہ فیصل، کورنگی، لانڈھی، ملیر اور اورنگی سمیت اہم شاہراہوں کی خستہ حالی شہریوں کیلئے مستقل اذیت بن چکی ہے، ٹریفک جام، سڑکوں پر گڑھے اور نامکمل ترقیاتی کام عوام کیلئے ذہنی دباؤ اور مالی بوجھ کا باعث بن رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی روڈ پر روزانہ ہزاروں شہری شدید ٹریفک، دھول مٹی اور ٹوٹی سڑکوں کے باعث مشکلات کا شکار ہوتے ہیں، گاڑیوں کی مرمت کے اضافی اخراجات بھی شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کررہے ہیں۔ایم پی پی نے مطالبہ کیا کہ وفاقی، صوبائی اور بلدیاتی ادارے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر کراچی کے مسائل کے حل کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں۔کراچی کو فوری طور پر خصوصی ترقیاتی پیکیج، بہتر ٹریفک نظام، جدید انفرااسٹرکچر اور مؤثر نکاسی آب کی سہولیات فراہم کی جائیں۔کمیٹی نے کہا کہ میری پہچان پاکستان "پہلے ریاست، بعد میں سیاست" کے اصول کے تحت کراچی کے عوامی مسائل اجاگر کرتی اور ان کے حل کیلئے آئینی و جمہوری فورمز پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 28 ﴿قوم کی آواز﴾
افسران کو اپنی مالی تفصیلات آن لائن جمع کرانا ہوں گی۔وفاقی حکومت کی ہدایات پر آئی جی سندھ نے سندھ پولیس میں بھی عمل درآمد کے احکامات جاری کردیئے ہیں۔گریڈ 17 اور اس سے اوپر کے افسران کو مالی سال 2025-26 کے اثاثوں اور آمدن کی تفصیلات 30 اکتوبر تک ایف بی آر کے آن لائن نظام کے ذریعے جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔احکامات کے مطابق افسران کو اپنی آمدن، بینک اکاؤنٹس، جائیدادوں، سرمایہ کاری، گاڑیوں، حصص، انعامی بانڈز اور دیگر قیمتی اثاثوں کی تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی۔شریک حیات کی منقولہ و غیر منقولہ جائیدادوں اور ملکی و غیر ملکی بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات بھی ظاہر کرنا لازمی ہوگا۔افسران کو آمدن کے ذرائع، اہل خانہ کی آمدن، بچوں کی تعلیم اور تعلیمی اخراجات، بجلی و گیس سمیت یوٹیلیٹی بلز، نجی غیر ملکی دوروں کے اخراجات، بینک قرضوں اور دیگر واجبات کی تفصیلات بھی جمع کرانا ہوں گی۔گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں اثاثوں کی مالیت میں ہونے والی تبدیلی کی وضاحت کے علاوہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس، غیر ملکی شہریت یا مستقل رہائش سے متعلق معلومات بھی فراہم کرنا ہوں گی۔حکام کے مطابق اثاثوں کی تفصیلات میں غلط بیانی، معلومات چھپانے یا مقررہ مدت میں تفصیلات جمع نہ کرانے پر متعلقہ افسر کے خلاف تادیبی کارروائی کی جاسکتی ہے۔وفاقی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 16 ستمبر کو اثاثوں کی ڈیجیٹل تفصیلات جمع کرانے سے متعلق مراسلہ جاری کیا تھا، جس کے بعد سندھ حکومت نے 25 ستمبر کو ہدایات متعلقہ محکموں کو ارسال کیں، جبکہ سندھ پولیس نے 6 اکتوبر کو افسران کو ان پر سختی سے عمل درآمد کا حکم دیا۔

بقیہ نمبر 29 ﴿قوم کی آواز﴾
محقق ہیں۔انہوں نے الیکٹرانک انجینئرنگ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی جبکہ اپنے تحقیقی کام کا ایک حصہ اسپین کی یونیورسٹی آف مالاگا میں ایراسمس منڈس اسکالرشپ کے تحت مکمل کیا۔ان کے تحقیقی کام میں تقریباً 50 تحقیقی مقالے اور کتابی ابواب شامل ہیں۔وہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی قومی نصابی نظرثانی کمیٹیوں کے تحت قومی سطح پر نصاب کی تیاری میں بھی فعال کردار ادا کر چکے ہیں۔پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر ہائر ایجوکیشن کمیشن کے منظور شدہ پی ایچ ڈی نگران اور آئی ٹرپل ای کے پیشہ ور رکن بھی ہیں۔وہ سرسید یونیورسٹی کے تحقیقی جریدے برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے مدیر اعلیٰ کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق ان کی بطور وائس چانسلر تقرری ادارے کے تعلیمی معیار اور انتظامی امور میں مزید بہتری کیلئے اہم پیش رفت ثابت ہوگی۔

بقیہ نمبر 30 ﴿قوم کی آواز﴾
دوران موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیشگوئی کردی۔محکمہ موسمیات کے ارلی وارننگ سینٹر کے مطابق آئندہ 3 روز کراچی کا موسم جزوی ابر آلود اور مرطوب رہنے کا امکان ہے، جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 سے 35 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کی توقع ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق جمعہ کو شہر میں معمول سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں جن کی رفتار 45 کلومیٹر فی گھنٹہ تک پہنچنے کا امکان ہے۔واضح رہے کہ محکمہ موسمیات نے گزشتہ روز بھی کراچی میں آئندہ 3 روز کے دوران موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیشگوئی کی تھی۔

بقیہ نمبر 31 ﴿قوم کی آواز﴾
قلب میں مبتلا تھا۔پولیس کے مطابق گھر کا دروازہ اندر سے بند تھا، دستک دینے پر دروازہ نہ کھلنے کے بعد علاقہ مکینوں نے پولیس کو اطلاع دی۔پولیس نے گھر میں داخل ہو کر دیکھا تو امان کی لاش فرش پر پڑی تھی، گرنے کے باعث اسے چوٹ بھی لگی تھی۔پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد جمع کرنے کے بعد لاش ایدھی رضا کاروں کی مدد سے سرد خانے منتقل کردی۔

بقیہ نمبر 32 ﴿قوم کی آواز﴾
خواتین کی زیر قیادت کاروباری سرگرمیوں، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔وفد میں محترمہ نودیرا بیگم محمد الیوا، ہیڈ آف انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ، محترمہ دلیا فروز تاشخمدووا، چیئرپرسن تاشقند سٹی برانچ، محترمہ انجلیکا اوگے، پراجیکٹ مینیجر، اور حبیب رفیق انجینئرنگ گروپ کے چیئرمین کے مشیر خالد تیمور اکرم شامل تھے۔وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا پائیدار اقتصادی ترقی، خوشحالی اور جامع معاشی ترقی کے حصول کیلئے ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان خواتین کاروباری افراد کے حوالے سے کاروباری روابط کو وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔انہوں نے دونوں ممالک کی خواتین کاروباری افراد کے درمیان B2B ملاقاتوں کے انعقاد کیلئے آئی سی سی آئی کے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ کاروباری وفود کے باقاعدہ تبادلے اور خواتین کے مابین براہ راست روابط کو فروغ دے کر دوطرفہ تجارتی و سرمایہ کاری تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔انٹرنیشنل بزنس ویمنز ایسوسی ایشن ازبکستان کی چیئرپرسن محترمہ گلنورا محمودووا نے خواتین کی معاشی خودمختاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ازبک حکومت کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔انہوں نے بتایا کہ ازبکستان میں خواتین ملک کے مجموعی کاروباری افراد کا تقریباً 40 فیصد ہیں اور خواتین کاروباری افراد کو مختلف معاون پروگرامز اور سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔انہوں نے پاکستانی خواتین کاروباری افراد کو آئندہ سال اپریل میں تاشقند میں BWA ازبکستان کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والی B2B ویمن کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی اور کہا کہ یہ کانفرنس نیٹ ورکنگ، کاروباری روابط، مشترکہ منصوبوں اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کیلئے اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی۔آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان کاروباری تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ایگزیکٹو ممبران محترمہ نگینہ خلیق، ابرار الحق اور آئی سی سی آئی ممبر پروفیسر ڈاکٹر جوریہ اظہر نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور دونوں ممالک کی خواتین کاروباری افراد کے درمیان تعاون کے متعدد نئے اور غیر دریافت شدہ شعبوں کی نشاندہی کی۔اس موقع پر باہمی روابط کو مستقل بنیادوں پر آگے بڑھانے، کاروباری مواقع کی نشاندہی اور B2B روابط کو عملی شکل دینے کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی۔حبیب رفیق انجینئرنگ گروپ کے چیئرمین کے مشیر خالد تیمور اکرم نے گروپ کی جانب سے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان کاروباری و معاشی روابط کے فروغ کیلئے کیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی اور دونوں ممالک کی خواتین کاروباری افراد کو قریب لانے کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ منظم B2B روابط، کاروباری وفود کے تبادلے اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے مختلف شعبوں میں مشترکہ منصوبوں اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔اجلاس میں آئی سی سی آئی کے ایگزیکٹو ممبران شاہد عباسی، میاں کامران علی شاہ کاکا خیل، سید عمران بخاری، سابق ایگزیکٹو ممبر وسیم چوہدری اور دیگر ممبرانِ بزنس کمیونٹی نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 33 ﴿قوم کی آواز﴾
اور صاف، سرسبز و صحت مند ماحول کی تشکیل تھا۔شجرکاری میں بادام، جامن اور نیم سمیت مختلف اقسام کے پودے شامل تھے۔پروفیسر ایمریٹس اور سابق وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر عطا الرحمٰن اور آئی سی سی بی ایس کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد رضا شاہ نے مہم کا افتتاح کرتے ہوئے پودے لگائے۔فیکلٹی اراکین، تحقیقی افسران اور طلبہ نے بھی شجرکاری میں حصہ لیا۔اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر عطاالرحمٰن نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی اور شدید موسمی حالات سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے شجرکاری کی سرگرمیاں اہم ہیں۔درخت عالمی حدت میں کمی لانے کا قدرتی ذریعہ ہیں۔پروفیسر ڈاکٹر محمد رضا شاہ نے کہا کہ کراچی موسمیاتی تبدیلی سے متاثر ہونے والے شہروں میں شامل ہے، اس لیے شہری جنگلات کا فروغ ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔درخت آلودگی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرکے فضائی معیار بہتر بناتے ہیں جبکہ سایہ اور تبخیر و تعرق کے ذریعے شہری درجہ حرارت کم کرنے میں بھی مدد دیتے ہیں۔انہوں نے شجرکاری مہم کے انعقاد پر ڈاکٹر عمران ملک اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 34 ﴿قوم کی آواز﴾
مارچ شروع ہوچکا ہے اور قافلے پشاور سے صوابی کی جانب رواں دواں ہیں، جبکہ ملک بھر سے قافلے صوابی پہنچ رہے ہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام اپنے بچوں کے روشن مستقبل اور بنیادی حقوق کیلئے گھروں سے نکلیں اور اس جدوجہد میں اپنا کردار ادا کریں۔عمران خان کی رہائی، آئین و قانون کی بالادستی، عوامی مینڈیٹ کی بحالی اور حقیقی جمہوریت کے قیام کیلئے جدوجہد جاری رہے گی۔رضوان نیازی نے کہا کہ ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی، ہر شہری کیلئے یکساں انصاف، آزاد عدلیہ اور آزاد میڈیا جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہیں۔عوام کے مینڈیٹ کی واپسی اور سیاسی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔انہوں نے سندھ کے عوام سے اپیل کی کہ عمران خان کی رہائی، آئین کی بالادستی اور اپنے حقوق کیلئے صوابی پہنچیں اور لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کریں۔

بقیہ نمبر 35 ﴿قوم کی آواز﴾
فائرنگ سے مبینہ ڈاکو ہلاک ہوگیا جبکہ اس کے 2 ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ایدھی حکام کے مطابق 3 مبینہ ڈاکو ایک شہری سے موٹر سائیکل چھین رہے تھے کہ ایس ایس پی کورنگی کے دفتر میں تعینات سادہ لباس پولیس اہلکار نے شہری کی موٹر سائیکل بچانے کیلئے مداخلت کی۔عینی شاہدین کے مطابق ڈاکوؤں نے پولیس اہلکار کو پستول نکالتے دیکھ کر فائرنگ کردی، جس پر اہلکار نے جوابی فائرنگ کی۔فائرنگ کے نتیجے میں ایک مبینہ ڈاکو زخمی ہوگیا جو بعدازاں ہلاک ہوگیا، جبکہ اس کے 2 ساتھی موقع سے فرار ہوگئے۔واقعے کی اطلاع ملنے پر ایئرپورٹ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ہلاک ہونے والے مبینہ ڈاکو کی لاش قانونی کارروائی کیلئے تھانے منتقل کردی۔پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے جبکہ فرار ہونے والے ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 36 ﴿قوم کی آواز﴾
کرنا پڑا۔اس کے علاوہ حب، ماڑی پور روڈ، مچھر کالونی، نیو کراچی، لیاری، گلشن اقبال، ہاکس بے اور موسیٰ کالونی سمیت دیگر علاقوں میں بھی رات گئے بجلی کی فراہمی معطل رہی۔شہریوں کے مطابق مختلف علاقوں میں دوسرے روز بھی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری رہی، جس سے معمولات زندگی متاثر ہوئے۔

بقیہ نمبر 37 ﴿قوم کی آواز﴾
سوات کے شہری یاسین کا جناح اسپتال کراچی میں طبی معائنہ مکمل کرلیا گیا، صحت تسلی بخش قرار دیے جانے کے بعد وہ اپنے آبائی علاقے سوات روانہ ہوگیا۔یاسین کو بائیں ہاتھ میں مسلسل تکلیف کے باعث جناح اسپتال لایا گیا تھا، جہاں ایمرجنسی میں اس کا ایکسرے اور دیگر ضروری طبی معائنے کیے گئے جبکہ نفسیاتی کیفیت کا جائزہ لینے کیلئے ماہر نفسیات سے بھی معائنہ کرایا گیا۔یاسین نے بتایا کہ قزاقوں نے اسے یرغمال بناتے ہوئے ہاتھ باندھ رکھے تھے، جس کے باعث بائیں ہاتھ میں تکلیف ہے، تاہم ایکسرے سمیت تمام طبی ٹیسٹ درست آئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ سوات روانگی کیلئے ان کی ایک بجے کی پرواز ہے اور وہ اپنی 9 ماہ کی بیٹی سے پہلی بار ملاقات کریں گے۔یاسین نے کہا کہ اسے خوشی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زندگی دی اور وہ بحفاظت پاکستان واپس پہنچ گیا۔یاسین نے قید کے دوران جاں بحق ہونے والے ساتھیوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے اپیل کی کہ شہدا کے اہلخانہ کے ساتھ کھڑی ہو اور وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے کیے گئے وعدے پورے کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 38 ﴿قوم کی آواز﴾
ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ نیشنل سینٹر فار برانڈ ڈیولپمنٹ کے قیام کا اعلان اپریل 2025ء میں کیا گیا تھا جبکہ 6 اکتوبر کو ہونے والی گول میز کانفرنس میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اسے فعال کرنے کا اعلان کیا۔پاکستان ٹیکسٹائل، جراحی آلات اور کھیلوں کے سامان سمیت عالمی معیار کی مصنوعات تیار کرتا ہے، تاہم خام مال یا غیر معروف برانڈز کے ذریعے برآمدات کے باعث ملک کو اپنی مصنوعات کی مطلوبہ قیمت حاصل نہیں ہو پاتی۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ "میڈ ان پاکستان" کا لیبل صرف تشہیر کے ذریعے عالمی شناخت حاصل نہیں کرسکتا، اس کیلئے جدید ٹیکنالوجی، پائیدار رسد، معیاری پیداوار، بہتر پیکنگ اور تحقیق و ترقی پر توجہ دینا ہوگی۔ان کے مطابق ویتنام کی برآمدات تقریباً 475 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہیں جبکہ پاکستان کی برآمدات تقریباً 32 ارب ڈالر رہیں، جس کی ایک بڑی وجہ ویتنام کا جدید پیداوار، تحقیق، ڈیزائن اور عالمی رسد کے نظام میں قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر اپنی حیثیت مستحکم کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ویتنام کی تیار شدہ برآمدات میں ہائی ٹیک مصنوعات کا حصہ 42 فیصد سے زیادہ ہے جبکہ پاکستان اب بھی روایتی ٹیکسٹائل پر زیادہ انحصار کر رہا ہے۔ پاکستان کی اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات بھی محدود ہیں۔نیشنل سینٹر کو جدید ٹیکنالوجی پر مبنی صنعت، مصنوعی ذہانت پر مبنی خدمات اور اعلیٰ ٹیکنالوجی کی تحقیق و ترقی کیلئے پاکستان کو عالمی سطح پر متعارف کرانے پر توجہ دینی چاہیے۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ عالمی خریدار مصنوعات کے معیار کے ساتھ ماحولیاتی، سماجی اور طرز حکمرانی کے عالمی تقاضوں پر بھی عملدرآمد چاہتے ہیں، اس لیے پاکستانی صنعت کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا ضروری ہے۔عالمی توانائی بحران اور مختلف جغرافیائی سیاسی تنازعات نے توانائی کی منڈیوں اور عالمی رسد کے نظام کو متاثر کیا ہے، تاہم مقامی سطح پر بھی صنعت کو مہنگی بجلی، پیچیدہ ٹیکس نظام، سرکاری امور میں تاخیر، بندرگاہوں پر رکاوٹوں اور صوبائی سطح کی مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ نیشنل سینٹر فار برانڈ ڈیولپمنٹ کی حکمت عملی کو تجارتی پالیسی کے عملی فریم ورک سے ہم آہنگ کیا جائے اور کاروباری برادری کے تعاون سے برآمدی شعبوں کیلئے ٹیکس سہولتوں اور ریفنڈ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ "اڑان پاکستان" کے تحت برآمدات، صنعت، ثقافت، سیاحت اور طرز حکمرانی کو ملکی نرم طاقت کے اہم ستونوں کے طور پر فروغ دینے کی ضرورت ہے۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ "میڈ ان پاکستان" کو عالمی معیار کی علامت بنانے کیلئے طویل مدتی پالیسیوں کا تسلسل، روایتی صنعت سے ہائی ٹیک برآمدات کی جانب منتقلی اور صنعتی شعبے کو غیر ضروری داخلی رکاوٹوں سے نجات دلانا ضروری ہے تاکہ پاکستانی مصنوعات عالمی منڈی میں مؤثر طور پر مقابلہ کرسکیں۔

بقیہ نمبر 39 ﴿قوم کی آواز﴾
مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ملاقات میں پاکستان اور ترکیہ کے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے، سندھ میں ٹیکا کے جاری ترقیاتی منصوبوں اور نئے شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ حکومت تعلیم، صحت، انسانی وسائل کی ترقی اور ڈیجیٹل تبدیلی کے شعبوں میں اصلاحات پر کام کر رہی ہے اور بین الاقوامی شراکت داری ان اہداف کے حصول میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت ترکیہ کے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تجارت، سرمایہ کاری، دفاع اور تعلیم سے آگے بڑھ کر ثقافت، سیاحت، ٹیکنالوجی اور ترقیاتی تعاون تک پھیل چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات سفارتی روابط سے بڑھ کر تاریخی اور ثقافتی رشتوں پر قائم ہیں۔ٹیکا کے وفد نے سندھ میں جاری منصوبوں پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ عمرکوٹ اور ہنو عاقل میں شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر فلٹریشن پلانٹس قائم کیے گئے ہیں، جن سے روزانہ تقریباً 20 ہزار افراد کو صاف پانی فراہم کیا جارہا ہے۔دونوں منصوبوں سے مجموعی طور پر روزانہ ایک لاکھ 20 ہزار لیٹر پانی فراہم کیا جارہا ہے، جس کے باعث پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں کمی آرہی ہے۔وفد نے بتایا کہ کراچی رکشہ روزگار پروگرام کے تحت کم آمدنی والے مستحق خاندانوں کو 20 رکشے فراہم کیے گئے ہیں تاکہ ان کیلئے پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کیے جاسکیں۔آفات سے نمٹنے کے شعبے میں بھی ٹیکا کے تعاون سے سندھ کے ریسکیو اہلکاروں کو شہری اور قدرتی ماحول میں تلاش و بچاؤ، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور تربیت کاروں کی تیاری کی خصوصی تربیت فراہم کی گئی جبکہ مقامی اداروں کو جدید ریسکیو اور تربیتی آلات بھی دیے گئے۔اجلاس میں تعلیم کے شعبے میں تعاون پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔وزیر تعلیم سید سردار شاہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سندھ کا محکمہ کالج تعلیم 378 کالجز کی نگرانی کر رہا ہے، جہاں 5 لاکھ 57 ہزار سے زائد طلبہ زیر تعلیم اور تقریباً 9 ہزار اساتذہ تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔صوبے کے 200 سے زائد کالجز میں چار سالہ ڈگری پروگرام شروع کیے جاچکے ہیں جبکہ ڈیجیٹل تعلیمی پلیٹ فارم اور آن لائن انتظامی خدمات بھی متعارف کرائی گئی ہیں۔وزیراعلیٰ سندھ نے اعلیٰ تعلیم، تکنیکی تربیت، ڈیجیٹل تعلیم، ادارہ جاتی ترقی اور اساتذہ کی استعداد کار میں ٹیکا کے تعاون کو مزید بڑھانے میں دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ سندھ ترکیہ کے تعلیمی جدت اور مہارتوں کی ترقی کے تجربے سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔کراچی ایجوکیشن کمپلیکس میں ٹیکا کی ڈیجیٹل لائبریری کے قیام، زرعی تعلیم اور سیلاب متاثرہ کسانوں کی معاونت کے منصوبوں پر بھی غور کیا گیا۔وزیر ثقافت سید ذوالفقار علی شاہ نے سندھ کے تاریخی، آثار قدیمہ اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے جاری اقدامات سے وفد کو آگاہ کیا۔اجلاس میں تاریخی مقامات کی بحالی، عجائب گھروں کی ترقی، ثقافتی تبادلوں اور استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے شہر کی ترقی، تاریخی عمارتوں اور ورثے کے مقامات کے تحفظ، بلدیاتی ڈھانچے اور شہری سہولیات کی بہتری سے متعلق بریفنگ دی۔ترک وفد نے کراچی میں ثقافتی ورثے کے تحفظ اور جدید شہری ترقی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ورثے، بلدیاتی خدمات، شہری منصوبہ بندی اور صحت کے شعبوں میں تعاون میں دلچسپی ظاہر کی۔ٹیکا کے ڈپٹی صدر ڈاکٹر علی ارجان نے سندھ میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکا سندھ حکومت کے ساتھ شراکت داری کو اہمیت دیتا ہے اور ایسے مزید شعبوں کی نشاندہی کی جائے گی جن سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ سکے۔ملاقات میں سندھ اور ترکیہ کے درمیان ترقیاتی تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ ٹیکا کے ساتھ تعاون میں اضافے سے صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے اقدامات مزید مضبوط ہوں گے۔

بقیہ نمبر 40 ﴿قوم کی آواز﴾
نے 9 ویں HS&E Annual Excellence Awards & Conference 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔گورنر سندھ نے کہا کہ مختلف شعبوں میں مزدوروں اور ورکرز کے لیے مناسب حفاظتی انتظامات کا فقدان دیکھنے میں آتا ہے، جس پر سنجیدگی سے توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ماہی گیر بھی سمندر میں مختلف خطرات کا سامنا کرتے ہیں، انہیں ضروری حفاظتی آلات کے ساتھ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تربیت فراہم کی جانی چاہیے۔سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ حفاظتی شعور کو صنعتی اداروں تک محدود رکھنے کے بجائے گھروں تک لے جانا ہوگا۔خواتین، بچوں اور دیگر افراد کو بھی حادثات سے بچاؤ اور ہنگامی صورتحال میں فوری اقدامات سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔ہر عمارت میں فائر فائٹنگ کے مناسب آلات کی موجودگی سے آتشزدگی کے نقصانات کو نمایاں حد تک کم کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں حادثات کا انتظار نہیں کرنا بلکہ حادثے سے پہلے اس کے ممکنہ خطرات کو سمجھ کر اقدامات کرنا ہوں گے۔تعلیمی اداروں میں حادثات سے بچاؤ اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے موضوع کو نصاب کا حصہ بنانے کے ساتھ سال بھر آگاہی مہمات اور عملی تربیتی پروگرام بھی منعقد کیے جائیں۔گورنر سندھ نے کہا کہ انسانی جانوں کا تحفظ صرف حکومت یا کسی ایک ادارے کی ذمہ داری نہیں بلکہ صنعت، کاروباری اداروں، تعلیمی اداروں اور معاشرے کے ہر فرد کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے مربوط اور عملی اقدامات ضروری ہیں۔آخر میں گورنر سندھ نے صحت، حفاظت اور ماحولیات کے شعبے میں نمایاں کارکردگی پر اداروں میں ایوارڈز تقسیم کی

بقیہ نمبر 41 ﴿قوم کی آواز﴾
میں ایک صنعتی مذاکرہ بھی منعقد ہوا، جس کا عنوان ''The One–Know We Think We Audience Screen Many Audience'' تھا۔اس میں پیمرا، براڈکاسٹرز، میڈیا ایجنسیوں، مشتہرین اور او ٹی ٹی پلیٹ فارمز کے نمائندوں نے شرکت کی۔مذاکرے میں اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ ناظرین کے رجحانات کس طرح تبدیل ہو رہے ہیں اور ان تبدیلیوں کے پیش نظر ان کی پیمائش اور سمجھ بوجھ کے طریقہ کار کو کس طرح بہتر بنایا جائے۔جیسے جیسے ناظرین ٹیلی ویژن، یوٹیوب، سوشل ویڈیو، اسٹریمنگ اور کنیکٹڈ اسکرینز کے درمیان منتقل ہو رہے ہیں، بولٹ لائیک نے تین اہم پلیٹ فارمز متعارف کرائے ہیں، جن کا مقصد مشتہرین، براڈکاسٹرز اور میڈیا ایجنسیوں کو ناظرین کے بارے میں زیادہ جامع اور آزادانہ معلومات فراہم کرنا ہے۔یہ پیمرا سے لائسنس یافتہ ٹیلی ویژن آڈینس میٹرمنٹ پلیٹ فارم ہے، جو نمائندہ آڈینس پینل کے ذریعے انفرادی ناظر کی سطح پر ٹی وی دیکھنے کے رجحانات کی پیمائش کرتا ہے۔یہ پاکستان کا آزاد ڈیجیٹل آڈینس انٹیلی جنس پلیٹ فارم ہے، جو یوٹیوب، فیس بک، ٹک ٹاک اور دیگر بڑے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر لاکھوں ویڈیوز اور ناظرین کے ردعمل سے متعلق معلومات کی مسلسل نگرانی کرتا ہے BoltAI بڑے پیمانے پر نئے شائع ہونے والے مواد اور آڈینس انگیجمنٹ کو ٹریک کرتا ہے۔یوٹیوب اور فیس بک کے درمیان کراس پلیٹ فارم ڈی ڈپلیکیشن کے ذریعے ایک ہی ناظرین کو بار بار شمار کرنے کے بجائے مشترکہ آڈینس کی نشاندہی کی جاتی ہے، جس سے یہ واضح طور پر سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ ناظرین کون ہیں، وہ کیا دیکھتے ہیں اور کس مواد سے منسلک ہوتے ہیں، اور ان کی توجہ کس سمت منتقل ہو رہی ہے۔یہ ایک کنیکٹڈ ٹیلی ویژن پلیٹ فارم ہے، جو لائیو ٹی وی، آن ڈیمانڈ مواد اور مختلف ایپس کو ایک اسمارٹ کنیکٹڈ ٹی وی تجربے کے ذریعے یکجا کرتا ہے۔اس کے ساتھ ایک ایسا قابل پیمائش کنیکٹڈ اسکرین ماحول بھی فراہم کیا جارہا ہے جہاں ناظرین کی سرگرمیوں کو بہتر انداز میں سمجھا جاسکے۔بولٹ لائیک سلوشنز کے بانی اور برلنز گروپ کے گروپ چیف ایگزیکٹو آفیسر بلال قریشی نے کہا کہ:''آڈینس کہیں غائب نہیں ہوئی، بلکہ مختلف اسکرینز کے درمیان منتقل ہوگئی ہے۔

بقیہ نمبر 42 ﴿قوم کی آواز﴾
تلاش کرنا تھا۔وفد کا استقبال کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر، ٹی آئی نے یونیورسٹی کے اعلیٰ حکام اور فیکلٹی ارکان کے ہمراہ کیا۔فودان یونیورسٹی کے وفد کی قیادت پروفیسر چن یان، ایسوسی ایٹ وائس پریذیڈنٹ اور ایگزیکٹو ڈین، گریجویٹ اسکول، فودان یونیورسٹی نے کی۔وفد میں پروفیسر ژیان ینگ ہان، وائس ڈین گریجویٹ اسکول؛ پروفیسر ژانگ جونلیانگ، شعبہ کیمسٹری؛ پروفیسر ژاؤ جیانگ، شعبہ فزکس؛ محترمہ ژویان جون، پروگرام مینیجر، انٹرنیشنل اسٹوڈنٹس آفس؛ اور مسٹر چن جی ہونگ، پروگرام مینیجر، آفس آف گلوبل پارٹنرشپس، فودان یونیورسٹی شامل تھے۔

بقیہ نمبر 43 ﴿قوم کی آواز﴾
میں موجود ڈیڈلاک ختم کرانے اور تنازعات کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے پر آمادہ ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ مولانا فضل الرحمان نے حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات کی بحالی کا عندیہ دیا ہے جبکہ انہوں نے حکومت کو گورنر راج یا ایمرجنسی کے بجائے معاملات افہام و تفہیم اور مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کا مشورہ بھی دیا ہے۔حکومتی ذرائع کا کہنا تھا کہ مذاکراتی کمیٹی نے مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مصالحانہ کردار کے لیے پیش کی گئی شرائط سے وزیراعظم کو آگاہ کردیا ہے اور انہیں مولانا فضل الرحمان کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا گیا ہے۔ذرائع نے مزید بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد ٹیلی فونک رابطے کا امکان ہے۔حکومتی وفد میں اسپیکر قومی سردار ایاز صادق، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ اور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری شامل تھے۔دوسری جانب قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے حکومت سے مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کردیا ہے۔اس حوالے سے بتایا گیا کہ محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے علامہ راجا ناصر عباس سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور دونوں رہنماؤں نے مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی۔

بقیہ نمبر 44 ﴿قوم کی آواز﴾
جلد مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔کمشنر کراچی کی زیر صدارت اجلاس میں کمرشل عمارتوں میں فائر سیفٹی قوانین پر عملدرآمد، آگ سے بچاؤ کے حفاظتی انتظامات اور فائر سیفٹی آڈٹ سروے کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جن عمارتوں میں حفاظتی انتظامات موجود نہیں انہیں نوٹس جاری کر کے تمام حفاظتی تقاضے پورے کرنے کا پابند بنایا جائے گا۔سید حسن نقوی نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز فائر سیفٹی آڈٹ سروے جلد مکمل کرائیں اور سیفٹی تقاضے پورے نہ کرنے والی عمارتوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائیں۔انہوں نے بلڈنگز کنٹرول اتھارٹی کو ہدایت کی کہ کمرشل عمارتوں کے منظور شدہ نقشے ترجیحی بنیادوں پر آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ کیے جائیں تاکہ ہنگامی صورتحال میں فائر فائٹرز کو کارروائی میں سہولت حاصل ہوسکے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں قائم فائر سیفٹی آڈٹ سروے کمیٹیاں سروے کا کام کر رہی ہیں اور اب تک مجموعی طور پر 907 عمارتوں کا سروے مکمل کیا جاچکا ہے۔ضلع جنوبی میں 202، وسطی میں 185 اور شرقی میں 196 عمارتوں کا آڈٹ کیا گیا ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ سروے کے دوران فائر سیفٹی اور آفات سے نمٹنے کیلئے مطلوبہ انتظامات کی تفصیلات جمع کی جارہی ہیں جبکہ حفاظتی تقاضے پورے نہ کرنے والی عمارتوں کو نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ڈپٹی کمشنر کورنگی مسعود بھٹو نے بتایا کہ شاہ فیصل کالونی میں واقع ایک شاپنگ سینٹر کو حفاظتی تقاضے پورے نہ کرنے پر فوری نوعیت کے اقدامات کرکے فائر سیفٹی انتظامات یقینی بنانے کا پابند کیا گیا ہے۔اجلاس میں اسپتالوں، صنعتی اداروں اور اسکولوں کے فائر سیفٹی آڈٹ کا بھی فیصلہ کیا گیا۔کمشنر کراچی نے ہدایت کی کہ اسپتالوں کا آڈٹ ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے اور سروے کمیٹیوں میں متعلقہ محکموں کے افسران کو بھی شامل کیا جائے۔

بقیہ نمبر 45 ﴿قوم کی آواز﴾
گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔بلاول بھٹو زرداری نے مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے صاحبزادے بیرسٹر حیدر زمان قریشی سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کیلئے مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کی۔انہوں نے خانیوال ضلع کونسل کے سابق چیئرمین کے صاحبزادے پیر شبیر زمان قریشی کیلئے بھی تعزیتی پیغام بھیجا۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مخدوم پیر عارف زمان قریشی ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے، ان کی ناقابل فراموش خدمات مشعل راہ ہیں۔انہوں نے قوم قریش غوث پور قریشیاں سمیت تمام لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 46 ﴿قوم کی آواز﴾
پذیر ہوگی، جس میں حکومت، ریگولیٹرز، مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور ماہرین نے پاکستان میں مالی شمولیت کو معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا۔یونائیٹڈ نیشنز انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (UNIDO) کے اشتراک اور یورپی یونین کے فنڈ سے چلنے والے PAIDAR پروگرام کے تحت منعقدہ دوروزہ کانفرنس کا موضوع "جامع ترقی کی راہیں: ہم آہنگی کے مواقع" تھا۔کانفرنس سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے کاروباروں کے لیے ضمانت کے بجائے کیش فلو کی بنیاد پر قرضوں، ڈیجیٹل کریڈٹ اور متبادل ڈیٹا کے استعمال پر زور دیا۔چیئرمین پی ایم این اور صدر و چیف ایگزیکٹو ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک عامر خان نے کہا کہ مائیکروفنانس کو الگ نظام کے بجائے ملکی مالیاتی نظام کا حصہ بنانا ہوگا، جبکہ کامیابی کا معیار صرف قرض لینے والوں کی تعداد نہیں بلکہ ان کی معاشی ترقی، کاروبار میں بہتری اور مالی خودمختاری ہونا چاہیے۔وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ مالی شمولیت کو صرف رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے معیار اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔انہوں نے PAIDAR Innovation Labs کے اجرا کا خیرمقدم کیا، جو سندھ میں دیہی کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں کو مشترکہ طور پر مالیاتی مصنوعات تیار کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔کانفرنس کا اہم نتیجہ PAIDAR ضمانتی فنانسنگ سہولت کے دوسرے مرحلے کی توسیع ہے، جس کے تحت فنانسنگ 20 کروڑ روپے سے بڑھا کر 4.2 ارب روپے کردی گئی ہے، جبکہ مالیاتی اداروں کی تعداد 3 سے بڑھا کر 8 کردی گئی ہے۔یہ سہولت لاڑکانہ، بدین، ٹھٹھہ، سجاول اور تھرپارکر کے قرض لینے والوں تک پہنچے گی، جبکہ کم از کم 50 فیصد فنانسنگ خواتین کے لیے مختص ہوگی۔اس موقع پر پاکستان مائیکروفنانس انویسٹمنٹ کمپنی (PMIC) اور نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے درمیان ایک ارب روپے کی فنانسنگ سہولت کا معاہدہ بھی طے پایا۔کانفرنس میں خواتین کی مالی رسائی، مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی، اسلامی مائیکروفنانس، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، ریگولیشن اور 2035 تک مائیکروفنانس کے مستقبل پر بھی غور کیا گیا۔پاکستان مائیکروفنانس ایوارڈز 2026 میں ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک کو بہترین مائیکروفنانس بینک جبکہ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کو بہترین غیر بینکاری مائیکروفنانس کمپنی کا ایوارڈ دیا گیا۔ڈاکٹر محمد امجد ثاقب اور نوید اے خان کو بھی مالی شمولیت کے شعبے میں نمایاں خدمات پر اعزازات سے نوازا گیا۔تقریب ملک بڑی تعداد میں بینکوں مالیاتی نظام سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 47 ﴿قوم کی آواز﴾
سی ٹی وی ویڈیو سامنے آگئی۔ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ شہری ایک موٹر سائیکل سوار کے ساتھ سفر کر رہا تھا کہ راستے میں مسلح ڈاکوؤں نے اس سے بیگ چھیننے کی کوشش کی۔شہری نے سامان بچانے کیلئے چلتی موٹر سائیکل سے چھلانگ لگا دی اور سڑک پر گر گیا۔شہری کے اچانک موٹر سائیکل سے کودنے کے بعد ملزمان کچھ فاصلے پر رک گئے اور بغیر لوٹ مار کیے موقع سے فرار ہوگئے۔

بقیہ نمبر 48 ﴿قوم کی آواز﴾
والا مرسڈیز سوار بزرگ شہری تاحال پولیس کی گرفت میں نہیں آسکا۔فائرنگ کا واقعہ 6 اکتوبر کی دوپہر گلشن چورنگی کے قریب پیش آیا تھا۔پولیس کے مطابق واقعے کے بعد فرار ہونے والی مرسڈیز کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرلی گئی ہے، جس کی مدد سے گاڑی اور اس کے مالک کی تلاش جاری ہے۔گاڑی اسلام آباد میں رجسٹرڈ ہے جبکہ فائرنگ کے وقت مرسڈیز میں یونیفارم پہنی ایک بچی بھی سوار تھی۔پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ گلشن اقبال تھانے میں زخمی محنت کش سلمان کی مدعیت میں درج کرلیا گیا ہے۔فائرنگ مرسڈیز اور سوفٹ گاڑی میں سوار افراد کے درمیان تلخ کلامی کے بعد ہوئی۔تلخ کلامی کے دوران مرسڈیز میں سوار بزرگ شہری نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں فٹ پاتھ پر بیٹھا محنت کش سلمان بازو پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا، جبکہ ایک گولی سوفٹ گاڑی کے بمپر پر بھی لگی۔

بقیہ نمبر 49 ﴿قوم کی آواز﴾
کی۔وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل، سیکریٹری تجارت جاوید پال اور وزارت تجارت کے دیگر سینئر حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔وزارت تجارت کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری سطح پر تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ جرمن کمپنیوں کے ساتھ تعاون سے پاکستان کو زرعی پیداوار میں بہتری، معیار اور برآمدی معیارات کو مضبوط بنانے اور زیادہ قابل برآمد اضافی پیداوار حاصل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ فوڈ ایگ نمائش جرمن کاروباری اداروں کے لیے پاکستانی کمپنیوں کے ساتھ براہِ راست رابطے، سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی اور زراعت و غذائی شعبے کی ویلیو چین میں شراکت داری قائم کرنے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی

بقیہ نمبر 50 ﴿قوم کی آواز﴾
کاروباری اداروں کے تحفظ کو یقینی بنانے اور شفافیت کو فروغ دینے کے لیے ٹیکنالوجی کے استعمال میں وسعت لا رہی ہے۔ سندھ پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے منعقدہ اس سیشن میں ڈی آئی جی آئی ٹی عبدالسلام شیخ، پی ڈی آئی ٹی تبسم عباسی، OICCI کے نمائندگان، سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کے اراکین نے شرکت کی۔حکام نے اوورسیز انویسٹرز اور کاروباری نمائندوں کو سندھ پولیس کی تیار کردہ EVS ایپلی کیشن کے بارے میں بریفنگ دی۔ پریزنٹیشن میں سسٹم کے مقاصد، فوائد، بھرتی کے دوران ملازمین کی شناخت، پولیس ویریفکیشن، کرمنل ریکارڈز اور اس اقدام کے ذریعے حاصل ہونے والی اب تک کی پیشرفت سے آگاہ کیا گیا۔OICCI کے سیکرٹری عبدالعلیم نے اوڈھو کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ یہ چیمبر ملک کی قدیم ترین اور سب سے بڑی بزنس آرگنائزیشنز میں سے ایک ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس کے اراکین پاکستان کے اہم ٹیکس دہندگان میں شامل ہیں اور غیر ملکی سرمایہ کاروں نے گزشتہ دہائی کے دوران ملک میں تقریباً 23 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔انہوں نے سندھ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی کی بھی تعریف کی۔ اوڈھو نے سندھ بالخصوص کراچی میں امن و امان کی صورتحال کے ساتھ ساتھ جغرافیائی چیلنجز اور پولیسنگ کی حکمت عملیوں کی وضاحت کی۔انہوں نے کہا کہ پولیس کاروباری برادری کو امن و امان کا سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ "پولیس اور بزنس کمیونٹی کا تعاون" جرائم کی روک تھام، خدشات کو جلد حل کرنے اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔اوڈھو کے مطابق کراچی سمیت سندھ بھر میں مجموعی طور پر جرائم کی صورتحال میں ماضی کے مقابلے بہتری آئی ہے، اگرچہ آبادی میں اضافے نے بھی جرائم کے نمونوں کو تبدیل کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تاجروں اور صنعت کاروں کے سیکیورٹی سے متعلق خدشات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مستقبل کی پولیسنگ کا زیادہ تر انحصار الیکٹرانک سرویلنس اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) پر ہوگا، جبکہ جدید ٹیکنالوجی غیر ضروری انسانی مداخلت کو کم اور شفافیت کو بہتر بنا رہی ہے۔ انسپکٹر جنرل سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو نے بتایا کہ دریاؤں کے کچے کے علاقوں اور ہائی ویز پر کی جانے والی کارروائیوں سے شاہراہوں کو مزید محفوظ بنایا گیا ہے۔سندھ حکومت کی تعاون سے پولیس عادی جرم کرنے والوں کی نگرانی کے لیے ای ٹکٹنگ (E-ticketing) ٹیکنالوجی کی طرف بھی پیشرفت کر رہی ہے اور سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے ریکارڈز کو اپ ڈیٹ رکھ رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (CTD) دہشت گردی کے خلاف مضبوط آپریشنز انجام دے رہا ہے، جبکہ IT ونگ S4، سیف سٹی، ہائی ویز اور گشت کرنے والی پولیسنگ کے لیے ٹیکنالوجی کو تیزی سے اپنا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 51 ﴿قوم کی آواز﴾
پیمانے پر مالی نقصان ہوا۔پی ڈی ایم اے سندھ کے دفتر میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور جاں بحق افراد کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔سلمان شاہ نے کہا کہ سندھ کو مختلف نوعیت کی قدرتی آفات کے خطرات کا سامنا ہے، اس لیے پیشگی تیاری، مؤثر ردعمل اور بحالی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جارہا ہے۔مشیر بحالی گیانچند ایسرانی کی ہدایات پر صوبے میں آفات کے خطرات میں کمی، پیشگی اقدامات اور ردعمل کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلعی سطح پر خطرات کی نقشہ بندی، تیاری اور وسائل کی مؤثر منصوبہ بندی پر توجہ مرکوز ہے، جبکہ جدید ٹیکنالوجی، اعداد و شمار اور سائنسی بنیادوں پر مبنی آفات سے نمٹنے کے نظام کو فروغ دیا جارہا ہے۔

☆☆☆

انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح ہونی چاہیے، گورنر سندھ

سید نہال ہاشمی نے صحت، حفاظت اور ماحولیات کے شعبے میں نمایاں کارکردگی پر اداروں میں ایوارڈز تقسیم کیے

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ حادثہ پیش آنے کے بعد اقدامات کرنے کے بجائے انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے پہلے سے مؤثر انتظامات ناگزیر ہیں۔ مزدوروں، ماہی گیروں اور عام شہریوں سمیت ہر فرد کی زندگی یکساں اہمیت رکھتی ہے، اس لیے فیکٹریوں، تعمیراتی منصوبوں اور دیگر مقامات پر حفاظتی نظام کو مؤثر بنانے کے ساتھ عوام میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کا شعور بھی اجاگر کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



بولٹ لائیک نے اگلی نسل کا آڈیٹینس انٹیلی جنس ایکوسسٹم متعارف کرادیا

آڈیٹینس کہیں غائب نہیں ہوئی، بلکہ مختلف اسکرینز کے درمیان منتقل ہوگئی، بانی اور برلینز گروپ کے چیف ایگزیکٹیو بلال قریشی

لاہور (بزنس رپورٹر) بولٹ لائیک سلوشنز، جو برلینز گروپ کی کمپنی اور 2026 MADsemble کی آفیشل آڈیٹینس انٹیلی جنس پارٹنر ہے، نے آج لاہور کے نشاط ہوٹل میں اپنے اگلی نسل کے آڈیٹینس میٹرمنٹ اور انٹیلی جنس ایکوسسٹم کو باضابطہ طور پر متعارف کرا دیا۔ یہ نظام ٹیلی ویژن، ڈیجیٹل اور کنیکٹڈ ٹی وی سمیت مختلف پلیٹ فارمز پر ناظرین کے رجحانات کا جائزہ لے گا۔ اس لانچ کے موقع پر بولٹ لائیک کی میزبانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



سی یو آئی، فودان یونیورسٹی کا اعلیٰ تعلیم اور تحقیق میں مضبوط روابط پر اتفاق

وفد کا استقبال کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر، ٹی آئی نے یونیورسٹی کے اعلیٰ حکام اور فیکلٹی ارکان کے ہمراہ



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) چین کی فودان یونیورسٹی کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے، جس کی قیادت وزیراعظم کے چین کے لیے خصوصی نمائندہ برائے تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون ڈاکٹر ظفرالدین محمود کر رہے تھے، پیر کے روز کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد (CUI) کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اعلیٰ تعلیم، تحقیق، فیکلٹی و طلبہ کی نقل و حرکت، مشترکہ تعلیمی پروگرامز اور ثقافتی تبادلے سمیت باہمی تعاون کے نئے مواقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



مریم کیانی آئی ایم ایف ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی سینئر ایڈوائزر مقرر

گریڈ 20 کی افسر مریم کیانی کی واشنگٹن ڈی سی میں تین سال کیلئے ڈیپوٹیشن پر تقرری کی گئی

اسلام آباد (علیم نواب خان سے) جوائنٹ سیکرٹری فنانس مریم کیانی آئی ایم ایف ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی سینئر ایڈوائزر مقرر، کیپٹن (ر) میر باز کی خدمات بلوچستان کے سپرد، ڈاکٹر سارہ کاپولی کلینک تبادلہ، شوکت حسین قومی ادارہ صحت میں تعینات، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گریڈ 20 کی افسر مریم کیانی کی واشنگٹن ڈی سی میں آئی ایم ایف ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی سینئر ایڈوائزر کے طور پر تقرری 3 سال کیلئے ڈیپوٹیشن پر کی گئی۔

بلاول بھٹو کا مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر اظہار تعزیت


سابق رکن پنجاب اسمبلی کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، بلندی درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سینئر سیاست دان اور پنجاب اسمبلی کے سابق رکن مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کمرشل عمارتوں کے فائر سیفٹی آڈٹ کا کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت

سیفٹی انتظامات نہ رکھنے والی عمارتوں کو نوٹس، منظور شدہ نقشے آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے ڈپٹی کمشنرز، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، فائر فائٹرز اور متعلقہ محکموں کو کمرشل عمارتوں کا فائر سیفٹی آڈٹ سروے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



پی ٹی آئی سے مذاکرات کا عندیہ، مولانا فضل الرحمان کا وزیراعظم سے جلد رابطے کا امکان

حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف اور جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دے دیا ہے۔ قبل ازیں حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی، حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثناءاللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

سید مراد علی شاہ، عامر خان کی پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک کی 10 ویں سالانہ مائیکرو فنانس کانفرنس میں شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک (پی ایم این) کے زیر اہتمام 10 ویں سالانہ مائیکرو فنانس کانفرنس (اے ایم سی ایکس) کراچی میں اختتام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



گلستان جوہر میں ڈاکوؤں سے بچنے کیلئے شہری چلتی موٹر سائیکل سے کود گیا

کراچی (این این آئی) گلستان جوہر بلاک 15 میں ڈاکوؤں سے بچنے کیلئے شہری چلتی موٹر سائیکل سے کود گیا، واقعے کی سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

گلشن اقبال میں محنت کش پر فائرنگ، مرسڈیز سوار بزرگ تاحال گرفتار نہ ہوسکا

کراچی (این این آئی) گلشن اقبال میں فائرنگ کر کے محنت کش کو زخمی کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

جام کمال کی جرمن کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

سفیر جرمنی سے خصوصی ملاقات: رانا احسان افضل، سیکریٹری تجارت جاوید پال اور وزارت تجارت کے دیگر سینئر حکام بھی موجود



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے بدھ کے روز جرمن کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے اور اگلے ماہ کراچی میں ہونے والی فوڈ ایگ (FoodAg) نمائش میں شرکت کی دعوت دی۔ وزیر تجارت نے پاکستان میں جرمنی کی سفیر اینا لیپل سے ملاقات کے دوران یہ دعوت دی، جنہوں نے وفاقی وزیر سے ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اے آئی سندھ پولیس کی کارروائیوں میں انقلابی تبدیلی لائے گی: جاوید عالم اوڈھو

اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تفصیلی سیشن، عبدالعلیم خان، عبدالسلام شیخ، تسنیم عباسی اور راشد محمود کی خاص شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو نے اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (OICCI) میں ایمپلائیز ویریفکیشن سسٹم (EVS) پر منعقدہ ایک تفصیلی سیشن کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ پولیس جرائم کو کنٹرول کرنے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے سندھ میں نظام مزید مضبوط بنایا جارہا ہے، زلزلہ 2005 کے متاثرین کو خراج عقیدت، ضلعی سطح پر خطرات کی نشاندہی اور وسائل کی مؤثر منصوبہ بندی پر توجہ ہے، سلمان شاہ

کراچی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے سندھ سلمان شاہ نے کہا ہے کہ سندھ میں قدرتی آفات سے نمٹنے، فوری ردعمل اور تیز رفتار بحالی کی صلاحیت مزید مضبوط بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ قومی استقامت کے دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ دن 2005 کے تباہ کن زلزلے کے متاثرین کی یاد تازہ کرتا ہے، جس کے نتیجے میں آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا میں ہزاروں قیمتی جانیں ضائع اور بڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان — تصاویر: نسیم خان

فیڈریشن ہاؤس میں اسلامک سمٹ کانفرنس: ممتاز شپنگ ایجنٹ طارق حلیم چھا گئے

گیسٹ آف آنر اور فیڈریشن کے سابق کامیاب نائب صدر کی مختلف ممالک کے قونصل جنرلز سے خصوصی ملاقات، شپنگ امور پر گفتگو

عالمی شپنگ انڈسٹری کو درپیش مسائل اور آبنائے ہرمز کی موجودہ صورتحال پر ماہر شپنگ ایجنٹ نے قونصل جنرلز سے تفصیلی بات چیت کی

قونصل جنرلز کو بلک شپنگ ہیڈ آفس کے باضابطہ دورے کی دعوت بھی دے ڈالی، پاکستانی شپنگ کمپنیوں کی بحالی و ترقی کیلئے اقدامات کا بھی ذکر



کراچی (رپورٹ: علیم نواب خان) گزشتہ روز منعقد ہونے والی شاندار اور پُروقار اسلامی سمٹ کی سائیڈ لائنز پر اہم اور غیر معمولی سفارتی و کاروباری ملاقاتیں ہوئیں۔ اس سمٹ کے دوران بلک شپنگ کے روحِ رواں، پاکستان سمیت خطے کی شپنگ انڈسٹری کی معروف کاروباری شخصیت اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے سابق کامیاب نائب صدر طارق حلیم سے مختلف برادر و دوست ممالک کے قونصل جنرلز نے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دنیا بھر میں شپنگ انڈسٹری کے شعبے میں رونما ہونے والے نئے معاملات، بحری تجارتی سرگرمیوں، اور عالمی مارکیٹ میں درپیش پیچیدہ بحرانوں پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر مشرقِ وسطیٰ اور بالخصوص آبنائے ہرمز (Hormuz of Strait) کے اہم سمندری راستے کی تزویراتی اہمیت اور وہاں شپنگ انڈسٹری کو لاحق ممکنہ خدشات و پریشانیوں کو زیرِ بحث لایا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ عالمی جغرافیائی سیاسی حالات میں محفوظ بحری تجارتی راستوں کو برقرار رکھنا اور جدید طریقوں پر عمل پیرا ہونا تمام معیشتوں کے استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ ملاقات کے دوران طارق حلیم نے تمام معزز قونصل جنرلز کو اپنے ہیڈ آفس "بلک شپنگ" کا دورہ کرنے کی پرخلوص دعوت پیش کی۔ قونصل جنرلز نے اس دعوت کو بخوشی قبول کرتے ہوئے جلد ہی کلفٹن میں واقع بیچ لگژری ہوٹل کے قریب، ایم آر کیانی/مولوی تمیز الدین خان روڈ پر قائم بلک شپنگ کمپنی کے مرکزی دفتر کے باقاعدہ دورے اور طارق حلیم سے تفصیلی باہمی میٹنگز کرنے کا عندیہ دیا، جس میں دوطرفہ تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر غور کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ طارق حلیم ایف پی سی سی آئی کے اندر بطور نائب صدر انتہائی کامیاب اور یادگار دور گزار چکے ہیں۔ اپنے دورِ صدارت میں انہوں نے برادر اسلامی ملک قطر سمیت متعدد بین الاقوامی ممالک کے کامیاب تجارتی دورے کیے۔ ان دوروں کا بنیادی مقصد عالمی سطح پر شپنگ انڈسٹری کے ثمرات سے پاکستانی شپنگ کمپنیوں کو براہِ راست مستفید کروانا اور قومی معیشت کو مضبوط بنانا تھا۔ ماضی میں ان کے اٹھائے گئے عملی اور جرات مندانہ اقدامات نے پاکستان کے بحری تجارتی شعبے کو عالمی سطح پر روشناس کروانے میں سنگِ میل کی حیثیت اختیار کی۔





ای ایف پی کا حکومت اور نجی شعبے کے درمیان صنعتی تعلقات کے فروغ میں اہم کردار، گورنر سندھ

گورنر ہاؤس میں ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان کی 75 ویں سالگرہ کی باوقار تقریب، وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کا بھی خطاب

صوبائی وزیر سعید غنی، انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن ڈی جی گلبرٹ ایف ہونگبو اور ایمپلائرز فیڈریشن پاکستان کے صدر مجید عزیز کی خاص شرکت

مختلف ممالک کے قونصل جنرلز بھی شریک، نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو گیم چینجر آئیکنز آف پاکستان ایوارڈز تقسیم کیے گئے



کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر ہاؤس میں ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان (EFP) کی 75 ویں پلاٹینم جوبلی کے موقع پر ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی میزبانی گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کی۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز و ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ چودھری سالک حسین، صوبائی وزیر محنت سعید غنی، اور بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے خصوصی شرکت کی۔ ان کے علاوہ کوریا کے قونصل جنرل، اور سعودی عرب، قطر، انڈونیشیا، ملائیشیا اور بنگلہ دیش کے نائب قونصل جنرلز سمیت دیگر اہم سفارتکاروں اور معزز مہمانوں نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان کی 75 ویں پلاٹینم جوبلی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ ای ایف پی نے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان رابطے اور صنعتی تعلقات کے فروغ میں انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے تنظیم کی قیادت اور پوری کاروباری برادری کو 75 سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ 75 سالہ سفر اعتماد، تسلسل، جدوجہد، تجربے اور قومی خدمت کی ایک قابلِ قدر تاریخ ہے۔ گورنر سندھ نے مزدوروں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی صنعت مزدوروں کی خدمات کے بغیر ترقی نہیں کر سکتی۔ مزدور ملکی معیشت اور صنعتی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اور ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان ان کی فلاح و بہبود کے لیے بہترین کام کر رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مزدوروں کے حقوق کا تحفظ اور کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ایک دوسرے کے ساتھ لازم و ملزوم ہیں، اس لیے حکومت، صنعتکاروں اور مزدوروں کو مل کر ملکی معیشت کی بہتری اور اسے مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ سید محمد نہال ہاشمی نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور حکومت مزدور دوست اور کاروبار دوست پالیسیوں پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے تقریب میں وفاقی وزیر چودھری سالک حسین، آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور ملک کی صنعتی و معاشی ترقی میں ای ایف پی اور محنت کشوں کے کردار کو سراہا۔ تقریب کے اختتام پر صنعتی اور کاروباری شعبے میں بہترین اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں میں "گیم چینجر آئیکنز آف پاکستان ایوارڈز" تقسیم کیے گئے۔